صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 05 مئی 2025ء بمطابق 07 ذوالقعدہ 1446 ہجری بعداز دوپہر چار بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، بابر سلیم سواتی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اوراس کا ترجمہ

أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

اِنۡ يَّشَاۡ يُذۡهِبۡكُمۡ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاۡتِ بِاٰخَرِيۡنَO وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيۡرًاO مَنۡ كَانَ يُرِيۡدُ ثَوَابَ الدُّنۡيَا فَعِنۡدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ O وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيۡعًاۢ بَصِيۡرًاO يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا كُوۡنُوۡا قَوّٰمِيۡنَ بِالۡقِسۡطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوۡ عَلٰٓى اَنۡفُسِكُمۡ اَوِ الۡوَالِدَيۡنِ وَالۡاَقۡرَبِيۡنَ O اِنۡ يَّكُنۡ غَنِيًّا اَوۡ فَقِيۡرًا فَاللّٰهُ اَوۡلٰى بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الۡهَوٰٓى اَنۡ تَعۡدِلُوۡا O وَاِنۡ تَلۡوٗۤا اَوۡ تُعۡرِضُوۡا O فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرًا۔

(ترجمہ): اگر وہ چاہے تو تم لوگوں کو ہٹا کر تمہاری جگہ دوسروں کو لے آئے، اور وہ اِس کی پوری قدرت رکھتا ہے۔ جو شخص محض ثواب دنیا کا طالب ہو اُسے معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ کے پاس ثواب دنیا بھی ہے اور ثواب آخرت بھی، اور اللہ سمیع و بصیر ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو، انصاف کے علمبردار اور خدا واسطے کے گواہ بنو اگرچہ تمہارے انصاف اور تمہاری گواہی کی زد خود تمہاری اپنی ذات پر یا تمہارے والدین اور رشتہ داروں پر ہی کیوں نہ پڑتی ہو فریق معاملہ خواہ مالدار ہو یا غریب، اللہ تم سے زیادہ اُن کا خیر خواہ ہے۔ لہٰذا

اپنی خواہش نفس کی پیروی میں عدل سے باز نہ رہو اور اگر تم نے لگی لپٹی بات کہی یا سچائی سے پہلو بچایا تو جان رکھو کہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ کو اس کی خبر ہے۔ وآخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاک اللہ جی۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

'Questions` Hour': Question No. 875, Ms. Sobia Shahid, MPA, please.

* 875 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں چھوٹے اور بڑے صنعتی زونز موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے میں کتنے چھوٹے اور بڑے صنعتی یونٹس ہیں، ہر صنعتی یونٹ کی ضلع وائز تفصیل فراہم کریں، نیز کتنے چھوٹے اور بڑے صنعتی یونٹس بند ہیں اور حکومت ان یونٹس کو چالو کرنے کے لئے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے؟

جناب عبدالکریم (معاون خصوصی صنعت و حرفت): (الف) جی ہاں۔

(ب) 1 خیبر پختونخوا اکنامک زونز ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (ازدمک) (KP-EZDMC):

District	S.No	Zone Name	Total Area (Acres)	Total Units	Operational Units	Under Construction	Closed Units
Nowshera	1	Nowshera Export Processing Zone	92	46	16	14	15
	2	Nowshera Economic Zone	108	110	98	03	09
	3	Nowshera Economic Zone Extension	76.25	43	09	33	01
	4	Jalozai Economic Zone	257.5	88	07	81	00
	5	Rashakai Special EZ	1000	06	00	06	00
Haripur	6	Hattar Special	1443	392	324	23	45

		Zone					
	7	Hattar Special Economic Zone	424	51	06	45	00
	8	Ghazi Economic Zone	95	21	00	21	00
Peshawar	9	Peshawar Economic Zone	868	612	548	16	48
Swabi	10	Gadoon Economic Zone	1116	299	158	43	98
Mohmand	11	Mohmand Economic Zone	350	39	18	20	01
D I Khan	12	Dera Ismail Khan Economic Zone	187.5	49	17	31	01
Bannu	13	Bannu Economic Zone	415	00	00	00	00
Chitral	14	Chitral Economic Zone	40	00	00	00	00
			Total	1755	1201	336	218

حکومت بند صنعتوں کو چالو کرنے کے لئے مختلف اقدامات اٹھا رہی ہے، جس کے نتیجے میں سو سے زائد صنعتیں چالو ہو چکی ہیں، مزید برآں حکومت مشترکہ منصوبہ سازی(Joint venture)کے ذریعے بھی صنعتوں کی بحالی کے لئے کوشاں ہے۔

2۔سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈSmall Industries Development Board(SIDB)

ایس آئی ڈی بی کے زیر انتظام سمال انڈسٹریل اسٹیٹس میں کل چالو کارخانوں کی تعداد 991 ہے اور بند کارخانوں کی تعداد تقریباً09 ہے۔ایس آئی ڈی بی نے متعلقہ کارخانہ داروں سے رابطے شروع کر دیئے ہیں تاکہ ان کے مسائل کا حل نکال کر بند کارخانوں کو چالو کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں۔

S. No	Zone Name	Total Units	Operational Units	Closed Units

1	SIE Peshawar	265	265	00
2	SIE Mardan-I	60	60	00
3	SIE Mardan-II	108	108	00
4	SIE Mardan-III	100	100	00
5	SIE Kohat	23	21	02
6	SIE Bannu	128	128	00
7	SIE Mansehra	88	86	02
8	SIE Abbottabad-1	110	109	01
9	SIE DI Khan	34	33	01
10	SIE Khalabat	07	04	03
11	SIE Karak	11	11	00
12	SIE Charsadda	34	34	00
13	SIE Dargai	32	32	00
	Total	1000	991	09

صنعتی محکمہ نے بیمار اور بند یونٹس کی بحالی کے لئے سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ کمیٹی نے 22 مارچ 2025 کو ایک اجلاس منعقد کیا جس میں یونٹس کے مالکان اور صنعتی تنظیموں کے ساتھ ملاقاتیں کر کے بندش کی وجوہات کی نشاندہی اور بحالی کے لئے حکمت عملی تیار کرنے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی واضح کیا گیا کہ یونٹس زیادہ تر عدالتی مقدمات، مالی مسائل یا پنجاب منتقل ہونے کی وجہ سے بند ہیں۔ کمیٹی اپنی سفارت تیار کرے گی اور انہیں "کے پی" صنعتی پالیسی 2025 میں شامل کرنے کے لئے حکومت کو پیش کرے گی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر! میں نے کوئسچن کیا تھا کہ صنعتی یونٹس جو بڑے اور چھوٹے کتنے بند ہیں اور اس کی کیا وجہ ہے اور ان کو Open کرنے کے لئے کیا اقدامات کئے جا رہے ہیں؟ سپیکر صاحب! جواب تو میں Appreciate کرتی ہوں، محکمہ نے بہت اچھے طریقے سے دیا ہے کہ 218 یونٹس بند ہیں لیکن اس کی یہ تفصیل مجھے نہیں دی گئی کہ وہ کس وجہ سے بند ہیں کیا اقدامات ہیں ان کو Open کرنے کے لئے؟ کیونکہ 218 بند ہیں، 366 پہ کام جاری ہے اور 1200Open ہیں، تو میرے خیال سے یہ بہت کم مقدار میں اس صوبے کے اگر صنعتی یونٹس 1200 ابھی چل رہے ہیں تو ہماری جتنی آبادی ہے، جس طریقے سے دنیا اور ملک اور باقی صوبے جس طریقے سے ترقی کر رہے ہیں اور ہم 1200 پہ ہمارے صنعتی یونٹس ہیں، ان میں بھی یہ 218 بند ہیں، تو اگر منسٹر صاحب مجھے بتائیں کہ کس وجہ

سے بند ہیں؟ کیونکہ جواب جو مجھے ملا ہے، اس میں کوئی تفصیل نہیں دی گئی اور اس کے لئے یہ کہہ رہے ہیں جواب میں کہ ہم کوشاں رہیں گے کہ ان کو Open کریں، لیکن ان کے کوشاں رہنے کے لئے کیا اقدامات کئے جارہے ہیں کہ جو یونٹس بند ہیں جس وجہ سے ان کو کس طرح یہ Open کریں گے، دوبارہ ان کو چالو کریں گے؟ کیونکہ Already اگر یہ دیکھا جائے تو 1200 یونٹس بہت کم ہیں اس صوبے کی آبادی کے لحاظ سے اور صوبے کی ترقی کے لئے یہ بہت کم یونٹس ہیں۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل منسٹر۔

جناب عبدالکریم (معاون خصوصی صنعت و حرفت): شکریہ جناب سپیکر صاحب، میڈم نے بڑا اچھا سوال کیا ہے، میرے خیال میں دو دفعہ یہ Lapse بھی ہو چکا ہے۔ میڈم! آپ نے ایک پیج پڑھا ہے دوسرا نہیں، آپ نیچے دیکھیں، دوسرے پیج پہ ایک ہزار میں سے Operational 991 units ہیں اور صرف 09 بند ہیں، یہ سمال انڈسٹری ہے اور یہ اوپر جو ہے یہ Large industry ہے، بھائی میرے! ذرا آجائیں، یہ میڈم کو ذرا یہ تفصیل دے دیں۔

جناب سپیکر: ہے، اس کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔

معاون خصوصی صنعت و حرفت: نہیں سر، یہ تفصیل میں ان کو Handover کر رہا ہوں۔

جناب سپیکر: یہ محکمہ پہلے Provide کر دیا کرے نا جی، اس کو۔

معاون خصوصی صنعت و حرفت: سر، یہ سپلیمنٹری کوسچن کے طور پہ میں نے خود ابھی دستی لیا ہے، یہ جو میڈم کو، Attention,Sir.

جناب سپیکر: اچھا۔

معاون خصوصی صنعت و حرفت: سر، یہ اس وقت پوزیشن یہ ہے کہ Financial crisis کی وجہ سے 218 یونٹس میں 129 یونٹس جو ہیں، Financial crisis میں Working capital کم ہوتا ہے، مشینری Absolute نہیں ہوتی ہے، پانچ کورٹ کیسز تھے، بجلی کی وجہ سے 26 یونٹس بند ہیں، جو یونٹس ہیں ان کی Transportation cost جہاں سے وہ میٹریل لاتے ہیں، اس کی وجہ سے بند ہیں، اور COVID کی وجہ سے ایک یونٹ بند تھا، کسٹم کی وجہ سے پانچ یونٹس بند تھے، Raw material کے نہ

ہونے کی وجہ سے تین یونٹس بند ہیں، Seasonal ایک بند ہے، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے آپس میں کچھ مسئلے ہیں، آٹھ یونٹس اس وجہ سے بند ہیں، Low marketing کی وجہ سے چار یونٹس بند ہیں، شاپرز پہ Ban آگیا ہے، چار یونٹس یہ بند ہیں، سیکیورٹی کی وجہ سے ایک یونٹ بند ہے، SRO 517 withdrawal کی وجہ سے ایک یونٹ بند ہے اور کچھ ایک یونٹ جو ہے جس کا پلانٹ چھوٹا پڑ گیا ہے تو وہ دوسری جگہ شفٹ ہو گئے ہیں، تو یہ ذرا ڈیٹیل ہے اور بالکل Minute detail آپ کو میں نے دے دی ہے، اگر کوئی اور کوئسچن بھی ہو تو۔

<u>جناب سپیکر</u>: میرا خیال ہے کافی Comprehensive جواب تھا۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: بالکل سپیکر صاحب، میں مطمئن ہوں جواب سے، لیکن ریکویسٹ منسٹر صاحب کو کر رہی ہوں کہ جتنا اس پر انہوں نے ورک کیا ہے اور ڈیٹیل لی ہے، اگر اسی مقدار پہ جتنے بند یونٹس ہیں، One by one ان کو جو آسانی سے Open ہو سکتے ہیں، ان کو Open کریں اور اگر Open نہیں ہو سکتے تو اس کے لئے Alternate کوئی منصوبہ بنائیں تاکہ وہ آگے سے Open ہو سکیں۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you. Question taken.

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: اور اس کو Priority میں-----

<u>جناب سپیکر</u>: بالکل جی، میڈم۔

<u>معاون خصوصی صنعت و حرفت</u>: اگر آپ اس میں یہ کوئسچن بھی ساتھ کر تیں کہ جو Revive ہو چکے ہیں تقریباً 90 اور 100 کے درمیان یونٹس جو ہمارے ہیں نا وہ Revival ان کی ہو چکی ہے، یہ Last government میں میرے خیال میں 321 سر، ہو چکے ہیں یہ۔

<u>Mr. Speaker</u>: Question taken, ji. Question No. 863, Mr. Muhammad Nisar Khan, MPA, please. Mr. Muhammad Nisar Khan, MPA, not present, lapsed. Question No. 819, Mr. Muhammad Nisar Khan, MPA, please. Mr. Muhammad Nisar Khan, MPA, not present, lapsed. Question No. 748, Mr. Sajjad Ullah Khan, MPA; Mr. Sajjad Ullah Khan, MPA.

* 748 _ <u>جناب سجاد اللہ</u>: کیا وزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) تحصیل بنکٹھ رانوالیہ کو تحصیل کا درجہ کب دیا گیا؛

(ب) مذکورہ تحصیل میں انتظامیہ کے دفاتر کا کام تاحال کیوں عمل میں نہیں لایا گیا ہے، وجوہات بیان کی جائیں؛

(ج) اگر تحصیل ہذا میں انتظامیہ کے دفاتر موجود ہیں تو ان میں فعال اور غیر فعال دفاتر کی تعداد بتائی جائے؟

<u>جناب نذیر احمد عباسی (وزیر مال واملاک)</u>: (الف) تحصیل بنکڈھسر انوالیہ کو تحصیل کا درجہ 28 مئی 2018 کو دیا گیا ہے۔

(ب) مذکورہ تحصیل میں تحصیل عمارت نہ ہونے کی وجہ سے دفتری کام عمل میں نہیں لایا گیا ہے اور تاحال تحصیل کی عمارت کے لئے جگہ کا تعین بھی نہیں کیا گیا ہے، کیونکہ سر بلند وغیرہ ساکنان رانوالیہ نے پشاور ہائی کورٹ بینچ ایبٹ آباد میں تحصیل ہیڈ کوارٹر کے مقام کے لئے پٹیشن دائر کی ہے، (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔ جبکہ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) تحصیلدار، پٹواری، جونیئر کلرک اور کلاس فور کو رانوالیہ ہائیڈرو پاور پروجیکٹ (واپڈا) کی عمارت جو کہ تحصیل بنکڈھ /رانوالیہ میں کلرک اور ایک کلاس فور جس میں وہ عوام کے وسیع تر مفاد میں وقتی طور پر اپنی خدمات کا کام انجام دے رہے ہیں۔

(ج) تحصیل ہذا میں تحصیل کی عمارت نہ ہونے کی وجہ سے تحصیل انتظامیہ جو کہ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) تحصیلدار، پٹواری، جونیئر کلرک اور کلاس فور کو رانوالیہ ہائیڈرو پاور پراجیکٹ (واپڈا) کی عمارت جو کہ تحصیل بنکڈھ /رانوالیہ میں واقع ہے، جس میں وہ عوام کے وسیع تر مفاد میں وقتی طور پر اپنی خدمات کا کام انجام دے رہے ہیں۔

<u>جناب سجاد اللہ</u>: شکریہ جناب سپیکر۔ سر، میرا سوال تھا منسٹر آف ریونیو سے سر، اور منسٹر ریونیو کے ساتھ میری میٹنگ بھی ہوئی اور انہوں نے، میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جس طریقے سے انہوں نے کوہستان کے اس تحصیل آفس میں Interest لیا اور انہوں نے مجھے Satisfied بھی کیا ہے اور انہوں نے یقین دلایا ہے کہ وہ خود دورہ بھی کریں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد، تھینک یو سر۔

<u>Mr. Speaker</u>: Question taken, ji. Question No. 726, Mr. Adnan Khan, MPA, please; Mr. Adnan Khan, MPA.

* 726 _ <u>جناب عدنان خان</u>: کیا وزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ہذا نے گزشتہ تین سالوں میں کتنی گاڑیاں رجسٹرڈ کی ہیں اور اس ضمن میں کتنی فیس وصول کی گئی ہے، اس کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے؟

جناب خلیق الرحمان (وزیر محاصل و آبکاری): (الف) محکمہ نے گزشتہ تین سالوں میں جو گاڑیاں رجسٹرڈ کی ہیں اور اس مد میں جو فیس وصول کی ہے، ان کی تفصیل درج ذیل ہے:

ضلع وار گاڑیوں اور فیس کی مد میں تین سالوں کی تفصیل

		2021-22		2022-23		2023-24	
نمبر شمار	ضلع	ٹوٹل رجسٹرڈ	رجسٹریشن فیس وصول	ٹوٹل رجسٹرڈ گاڑیاں	رجسٹریشن فیس وصول	ٹوٹل رجسٹرڈ گاڑیاں	رجسٹریشن فیس وصول
1	ایبٹ آباد	2870	13.000	2.790	11879	1923	8800
2	بنوں	5807	13.518	3.460	13.011	2402	10107
3	بٹگرام	119	0.995	177	1.373	121	0477
4	بونیر	313	4.355	318	2.350	300	4020
5	چارسدہ	1231	2.618	1.376	2.053	1295	1815
6	چترال	272	5.723	229	3.134	258	1654
7	ڈی آئی خان	13763	15.734	14.267	21.518	8.720	17430
8	ہنگو	872	2.780	892	2.073	632	3964
9	ہری پور	2612	5.086	2.186	5.994	1580	9228
10	کرک	2.23	4.086	1.529	2.724	1685	2806
11	خیبر	0	0.000	215	3.319	238	4559
12	کوہاٹ	6.615	12.511	5.750	14.436	4147	10587
13	کوہستان	35	1.297	19	0.667	0	0014
14	لکی مروت	1219	2.755	787	2.167	555	1242
15	لوئر دیر	397	5.954	248	12.365	193	7403
16	مالاکنڈ	726	3.078	416	0.924	401	1684
17	مانسہرہ	1234	4.001	2.466	5.684	1455	5751
18	مردان	13.970	18.457	12.430	18.305	10470	19850
19	نوشہرہ	2.648	3.972	2.220	4.044	1641	3105
20	پشاور	40.870	130.901	35.034	197.350	22519	192378
21	شانگلہ	66	0.290	58	0.157	74	1815
22	صوابی	3.764	6.298	6.138	7.711	4462	8476
23	سوات	4.057	67.816	1.727	60.738	1257	45308
24	ٹانک	1.079	2.333	622	1.402	425	1552
25	تورغر	6	0.116	13	0.780	15	00230
26	اپر دیر	149	2.351	89	2.085	65	1018
ٹوٹل		106717	33018	95456	398242	66833	365064

ٹوٹل رجسٹرڈ گاڑیاں_269006

ٹوٹل رجسٹریشن فیس_1093.324 ملین

جناب عدنان خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر! میرا جو کوئسچن تھا وہ گاڑیوں کی رجسٹریشن کے بارے میں تھا۔ جواب تو مجھے مل چکا ہے تو اس میں میرے دو سپلیمنٹری کوئسچنز ہیں_ نمبر ایک، یہ کہ یہ جو ٹوٹل رجسٹرڈ گاڑیوں کی وہ بتا رہے ہیں تو وہ سالہا سال گھٹ رہی ہے، یعنی 22-2021 میں جو رجسٹریشن ہوئی تھی، وہ ایک لاکھ چھ ہزار سات سو سترہ (106717) پھر اس کے بعد 23-2022 میں پچانوے ہزار چار سو چھپن (95456) اور پھر جو ہے 24-2023 میں وہ گھٹ کر چھیاسٹھ ہزار، آٹھ سو تینتیس (66833) پہ رجسٹریشن آگئی ہے، تو یہ رجسٹریشن کی کمی کی وجہ کیا ہے، یہ کیوں کم ہو رہی ہے؟ پہلے ایک لاکھ سے اوپر ہے، پھر اس کے بعد بتدریج کم ہوتی جا رہی ہے، تو یہ تو صوبے کے ریونیو کے لئے بھی نقصان دہ ہے اور اس کے لئے محکمے کے پاس کیا وہ ہے؟ دوسری، انہوں نے جو تفصیل دی ہے، With due apology، وہ بہت ہی مشکوک سی ہے، خود میں منسٹر صاحب کے اوپر یہ چیز چھوڑ دیتا ہوں کہ وہ کس طرح مناسب سمجھتے ہیں، وہ کس طرح فیصلہ کرتے ہیں، یہ منسٹر صاحب کے اوپر ہی چھوڑ دوں گا۔ آپ سر، دیکھ لیں، پہلے 22-2021 کی ڈیٹیل دیکھ لیں، ایبٹ آباد میں سر، ایبٹ آباد میں دو ہزار آٹھ سو ستر (2870) گاڑیاں رجسٹرڈ ہوتی ہیں اور اس کی رجسٹریشن کی جو فیس وصول ہوتی ہے، وہ 13 ملین روپے اور اسی کے ساتھ ہی بنوں میں رجسٹرڈ گاڑیاں پانچ ہزار آٹھ سو سات (5807) ہیں اور انہی کی بھی رجسٹریشن فیس 13.518 ملین ہے، تو سر، ابھی یہ گیپ دیکھ لیں، دو ہزار آٹھ سو ستر گاڑیاں ایبٹ آباد میں رجسٹرڈ ہوتی ہیں اور ان کی جو رجسٹریشن فیس وصولی ہے وہ ہمیں لکھ کر دے رہے ہیں کہ 13 ملین ہے اور اسی طرح بنوں میں جو ہو رہی ہیں تو وہ پانچ ہزار آٹھ سو سات (5807) ہیں، دو ہزار اور پانچ ہزار میں سر، یہ تین ہزار سے بڑا گیپ ہے لیکن وہاں پہ جو ہمیں ریونیو جنریشن بتا رہے ہیں، وہ بھی وہی Thirteen point (13.--) وہ بتا رہے ہیں۔ اسی طرح سر، آپ نیچے اگر آجائیں، اس میں آپ چیک کر لیں، بونیر کا آپ دیکھ لیں سر، بونیر میں تین سو تیرہ (313) گاڑیاں ہیں، اس میں بٹگرام کو صرف چھوڑ دیں، بونیر کا آپ کر لیں، وہ تین سو تیرہ (313) گاڑیاں رجسٹرڈ ہوتی ہیں اور ان کی رجسٹریشن فیس جو آتی ہے 4.355 (ملین) اور اسی طرح اسی کے ساتھ ہی چارسدہ میں رجسٹرڈ ہوتی ہیں بارہ سو اکتیس (1231) گاڑیاں، ایک ہزار دو سو

اکتیس اور ان کی جو رجسٹریشن فیس وصولی ہے، وہ بتا رہے ہیں 2.618 (ملین)، تین سو تیرہ گاڑیوں کی 4.355 بتارے ہیں اور ایک ہزار دو سو اکتیس گاڑیوں کی 2.618 بتا رہا ہے۔ سر، یہ پوری تفصیل جو ہے وہ دو ہزار، یہ میں صرف 22-2021 کی وہ بتا رہا ہوں، اس میں کافی Lacunas ہیں، یعنی وہ Tally ہی نہیں ہو رہے ہیں نا۔ اسی طرح سر، اگر آپ جائیں 23-2022 کے اوپر، سر، ہم یہ کو نسچن جب کرتے ہیں تو ہم یہ صوبے کی بھلائی کے لئے کرتے ہیں کیونکہ ابھی یہ جو سکینڈل چل رہا ہے کہ چالیس ارب روپے کا جو سکینڈل چل رہا ہے، اس میں سر، وہ Re-verification نہیں ہوتی ہے، آپ یہ نہیں کرتے، کیونکہ ابھی ایکسائز ڈیپارٹمنٹ آپ کو چالان دے دیتا ہے، چالان بینک میں جمع ہو جاتا ہے، اس کی Reconciliation پھر وہ نہیں کرتے ہیں، ابھی آفیسر کے پاس آجاتے ہیں کہ یار! اتنا ریونیو آیا ہے تو بس وہ دستخط کرو، لیکن یہ بالکل ٹھیک ہے، یہ ریونیو آگیا ہے، ابھی آپ نے اس کو Crosscheque کیا ہوا ہے کہ یہ ریونیو کہاں پہ جمع ہوا ہے، آیا بینک میں جمع ہوا ہے کہ نہیں ہوا ہے؟ سر، یہ سارے مسئلے جو بن رہے ہیں نا، یہ جو ابھی سکینڈل بنا ہوا ہے تو سر، یہ گورنمنٹ کی بدنامی ہوتی ہے، ہم گورنمنٹ کی بدنامی نہیں چاہتے، ہم کہتے ہیں کہ یہ جو کام ہو رہا ہے، کیوں میرے منسٹر صاحب کے اوپر کوئی انگلی اٹھادے کہ یار! یہ منسٹر صاحب نے غلط کیا ہوا ہے، کام غلط محکمے والے کر لیتے ہیں لیکن یہاں پہ جواب ہمیں منسٹر صاحب وہ ہمارے ساتھ یہاں پہ پھر لڑائی بھی کر لیتے ہیں کبھی کبھار، اور کہتے ہیں کہ یار! آپ غلط بول رہے ہیں، ہم غلط نہیں بولتے ہیں سر، یہ جو ابھی آپ 2022 اور 2023 کا وہ ریکارڈ دیکھ لیں سر، چیک کر لیں، ایبٹ آباد میں دو ہزار سات سو نوے (2790) گاڑیاں ہیں اور بنوں میں تین ہزار چار سو ساٹھ (3460)، یہ چلو اس کو تو میں مان لیتا ہوں کہ (---.11) Eleven point something اور Thirteen point something (--.13)، اسی طرح سر، اگر آپ نیچے آجائیں تو یہ جو تین سو اٹھارہ (318) گاڑیاں ہیں، یہ سر، رجسٹرڈ ہوئی ہیں، یہ بونیر میں تین سو اٹھارہ (318) 23-2022 کا، اس کے ریونیو پہ یہ بتایا دو اعشاریہ تین پانچ (2.350) اور تیرہ سو چھہتر (1376) گاڑیاں رجسٹرڈ ہوئی ہیں چارسدہ میں، اس کا بھی وہی ریونیو وہ بتا رہے ہیں دو اعشاریہ تین پانچ (2.350)، ابھی تیرہ سو (1300) گاڑیوں کا بھی ریونیو وہی

بتا رہیں، رجسٹریشن فیس اور تین سو اٹھارہ (318) کا بھی وہی بتا رہا ہے سر، یہ اسی طرح 2023-24 کو آپ دیکھ لیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہو گیا، آپ کا Point plead ہو گیا۔

Mr. Adnan Khan: Sir, please.

Mr. Speaker: Let the honourable Minister answer the Question.

جناب خلیق الرحمان (وزیر محاصل و آبکاری): سپیکر صاحب، اصل میں انہوں نے جو تفصیل مانگی تھی تو وہ گاڑیوں کے حوالے سے تھی، مطلب گاڑیوں میں موٹر سائیکل بھی آتے ہیں اور بڑے ٹرک بھی آتے ہیں، یعنی انہوں نے نمبر زمانگے تھے کہ کتنی گاڑیاں رجسٹرڈ ہوئی ہیں؟ تو اس میں موٹر سائیکل بھی ہیں اور ساتھ ساتھ بڑی گاڑیاں بھی ہیں، اس لئے یہ-----

جناب سپیکر: موٹر سائیکل کا شمار بڑی گاڑیوں میں ہوتا ہے؟

وزیر محاصل و آبکاری: وہ بھی، کیونکہ ان سے بھی ریونیو آتا ہے، ہم نے ان کو Exact جو ہے، جتنا ہمیں ریونیو آیا ہے اور جتنے موٹر سائیکل یا مختلف گاڑیاں رجسٹرڈ ہوئی ہیں، اس کے مطابق ہم نے ان کو ساری تفصیل فراہم کی ہے، یعنی اگر فرض کریں ایک سو چھ (106)، سات سو ستاون (757) جو موٹر سائیکل کے ساتھ اور گاڑیوں کے ساتھ جو ہمیں ریونیو آیا ہے، وہ کوئی تین سو تین (330) ہے، چونکہ وہاں پہ موٹر سائیکل زیادہ رجسٹرڈ ہوئے ہیں، اس وجہ سے ریونیو تو کم ہے لیکن Number of vehicles زیادہ رجسٹرڈ ہوئے ہیں۔ اسی طرح 2022-23 میں پچانوے ہزار (95000) ہیں اور ہمیں جو ریونیو ہے وہ تین سو اٹھانوے (398) ہے، تو تین سو اٹھانوے (398) کا ریونیو آیا ہے، وہ بھی اسی طرح ہی ہے کہ ہو سکتا ہے کہ گاڑیاں بڑی زیادہ رجسٹرڈ ہوئی ہیں، یہ ہماری ایک غلطی ہے کہ ہمیں چاہیئے تھا کہ ہم گاڑیوں کی تفصیل بھی ساتھ فراہم کر دیتے کہ کون کونسی گاڑیاں رجسٹرڈ ہوئی ہیں تو ان کو پھر آسانی ہوتی سمجھنے میں، تو یہ ایم پی اے صاحب کو-----

جناب سپیکر: جی، عدنان خان۔

وزیر محاصل و آبکاری: اسی لئے سمجھنے میں تھوڑا اس میں مسئلہ آ رہا ہے-----

جناب سپیکر: میرا خیال ہے-----

جناب عدنان خان: میں تو، منسٹر صاحب تو۔۔۔۔۔

وزیر محاصل وآبکاری: یہ ہے کہ ابھی۔۔۔۔۔

جناب عدنان خان: سر، پلیز، میں نے سر، یہاں پہ صرف گاڑیوں کا ریکارڈ مانگا تھا، موٹر سائیکل گاڑی میں نہیں آتا ہے، رکشہ گاڑی میں نہیں آتا ہے، یہ زرنج (لوڈر رکشہ) وغیرہ یہ ساری چیزیں جب رجسٹرڈ ہوتی ہیں، یہ گاڑیوں میں نہیں آتی ہیں، میں نے صرف گاڑیوں کا ریکاڈ مانگا تھا، تو اگر منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ وہ خود مطمئن ہیں اس سے، میں تو مطمئن کم از کم نہیں ہوں، اگر وہ مطمئن ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، میں منسٹر صاحب کے اوپر چھوڑتا ہوں۔

وزیر محاصل وآبکاری: سر، اس طرح ہے کہ ہم نے جس طرح کی تفصیل، کیونکہ انہوں نے Properly specify نہیں کیا تھا، اسی لئے ہم نے ویسے ہی جواب دیا۔ اگر یہ چاہتے ہیں، ایک نیا کوسچن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈیپارٹمنٹ نے اس کا Advantage دیا، آپ یوں کیوں کہتے ہیں؟

وزیر محاصل وآبکاری: نیا کوسچن لے آئیں، ان شاءاللہ ان کو ہم تفصیل فراہم کر دیں گے، ویسے اس ایوان کے لئے، ان کی انفارمیشن کے لئے میں یہ بتاتا چلوں کہ اس وقت ہماری ابھی جو صوبائی حکومت دوبارہ آئی ہے 2024 میں، اس میں ہم نے اپنا موٹر وہیکل رجسٹریشن سسٹم Introduced کر دیا ہے، ہمارا Centralized data بنتا ہے، Centralized سب کچھ ہو رہا ہے، ہماری رجسٹریشن Centralized ہے، ہمارے صوبے کی گاڑی اگر پشاور میں رجسٹرڈ ہوتی ہے یا اگر وہ سوات میں ہوتی ہے، وہ ایک ہی بات ہے اور بڑی خوبصورت نمبر پلیٹ ابھی آچکی ہے اور ہماری رجسٹریشن پچھلے سالوں کے مقابلے میں Improved ہوئی ہے، یعنی جو میرے پاس اس وقت فگرز ہیں، ہم نے یہ نومبر میں سٹارٹ کیا تھا، ہماری جو Number of vehicles increase ہے، وہ سات ہزار اٹھتر (7078) ہماری وہیکلز زیادہ اس بار رجسٹرڈ ہوئی ہیں اور ہمارا ریونیو بڑھا ہے، تو ان شاءاللہ ہماری جو کوشش ہے کہ جی اس کو ہم زیادہ Streamline کریں، اس پہ کام ہو رہا ہے، ٹرانسپرنسی پہ کام ہو رہا ہے، ابھی تو گھر بیٹھے بھی لوگ اپنے چالان جمع کرا سکتے ہیں، تو یہ بڑا اچھا ہم نے سسٹم Introduced کیا اور میری یہ ریکویسٹ ہوگی، اس ایوان کے ذریعے اپنے خیبر پختونخوا کے عوام کو کہ آپ کوشش کریں کہ اپنی گاڑیاں یہاں پہ خیبر پختونخوا میں

رجسٹرڈ کریں تاکہ یہ جو ریونیو ہے، یہ ہمارے خیبر پختونخوا میں آئے اور ابھی تو وہ مسئلہ ابھی ختم ہو گیا ہے کہ مطلب نمبر پلیٹ کوئی اتنی خوبصورت نہیں تھی یا مسئلہ ہوتا تھا، ابھی تو اوپر خیبر پختونخوا لکھا ہوتا ہے اور Three digits کے نمبر ز ہیں، تو اس سے اب میں یہ کہوں گا کہ ہم نے بڑا Improve کیا ہے، پچھلے چھ مہینوں میں، لیکن یہ ہے کہ اگر ہم جس طرح کہتے ہیں کہ "زما خیبر پختونخوا" تو کم از کم اس خیبر پختونخوا کو Own کرنا چاہیئے Through our registrations یعنی ہم گاڑی جب نئی لیتے ہیں تو ہم جا کر اسلام آباد اور پنجاب میں رجسٹرڈ کرتے ہیں، ہونا یہ چاہیئے کہ یہاں پہ رجسٹرڈ ہو۔ ابھی ہم نے ساری سہولیات بھی فراہم کر دی ہیں اور ہونا یہ چاہیئے کہ ابھی تمام گاڑیاں یہاں پہ رجسٹرڈ ہوں تاکہ یہاں کا ریونیو بڑھے۔ Thank you very much,Sir.

Arbab Muhammad Usman Khan: Sir, supplementary.

جناب عدنان خان: ایک منٹ، سر، اس میں صرف میری یہ ریکویسٹ ہے، باقی میں نے منسٹر صاحب کے اوپر چھوڑ دیا ہے کہ اس کے لئے بھی کوئی وہ طریقہ کار وضع کر دیں کہ لوگ کیوں جا رہے ہیں اسلام آباد میں یا لاہور میں؟ وہاں پہ گاڑیاں رجسٹرڈ کرواتے ہیں، کیوں نہ ہمارے خیبر پختونخوا میں گاڑیاں رجسٹرڈ ہوں، کیوں نہ ہمارے صوبے کا ریونیو بڑھے؟ یہ بھی بڑا اہم کوسچن ہے اس کے اوپر کیونکہ میں نے ڈیبیٹ اس لئے کر لی کہ اس کے لئے کوئی طریقہ کار وضع کر دیں کہ جس ضلع میں رجسٹریشن آپ کی کم ہو گی یا ریونیو کم آئے گا تو اسی کی کوئی Penalty لگائیں، کوئی Reward دیں، کوئی اس طرح کا میکینزم بنائیں۔ Thank you very much۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہو گیا۔ ارباب صاحب میرا خیال ہے اس میں دو سپلیمنٹریز پوچھ لئے ہیں، ویسے یہ Debatable موضوع ہے، ہمارے صوبے میں میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ ادارے آپس میں مترادف ہیں، ان کی آپس میں ہی باتیں اور ان کے معاملات۔

ارباب محمد عثمان خان: جناب سپیکر، میں ایک تجویز دینا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی دے دیں، تجویز ضرور دیں۔

ارباب محمد عثمان خان: شکریہ سپیکر صاحب، اور میرا خیال ہے کہ کافی 'ڈیٹیلڈ' جواب منسٹر صاحب نے دیا ہے، Constitutionally یہ ہر ایک آدمی کا Right ہے کہ جہاں بھی وہ گاڑی رجسٹرڈ کرانا چاہے اور ہم

اسی ایشو میں پڑ رہے ہیں اور اس میں ایک Impression جو حقیقت بھی ہے کہ جب ہم گاڑی لیتے ہیں اور پھر اس کو بیچتے ہیں تو اس کی Value، پھر نمبر Different ہوتا ہے، وہ لوگ نہیں لیتے ہیں سر، اس میں ہمیں چاہیئے کہ جتنی بھی گاڑیاں ہیں، ان کی Ownership documentation، اگر اسلام آباد کا نمبر بھی ہے تو They need to be duly registered with Pakhtunkhwa and then perhaps some, اس میں دیکھتے ہیں کہ اگر روڈ ٹیکس یا ایسی چیزیں اس پہ Add کر سکیں، Mainly، اس کا Solution مجھے Affective یہ نظر آرہا ہے سر، اگر ہم اسلام آباد کی طرف جاتے ہیں یا پنجاب کی طرف جاتے ہیں، وہ ہمارے ساتھ کیوں Cooperate کریں گے؟ تو اگر پہلے تو 'اونر شپ' کی رجسٹریشن ہونی چاہیئے، Properly پتہ چلنا چاہیئے، Spot checking ہونی چاہیئے، موٹروے سے جو لوگ آتے ہیں اور ہمارے پاس اس کے لئے ٹیکنالوجی ہے، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ میں کافی Revenue potential ہے، تو جب ہم یہ ٹیکنالوجی اس کے ساتھ Link کریں گے تو Perhaps ہم اس کو آج بہتر طریقے سے Assessment بھی کر سکیں گے اور اس سے مالکان کو بھی نقصان نہیں ہوگا اور اگر وہ رجسٹریشن یہاں نہیں بھی کرتے ہیں تو چاہیئے کہ ہمیں پھر Usage کا کوئی Reasonable annual tax وغیرہ دیں، Let`s that be a starting point اور میرا خیال ہے کہ کافی دیر سے ہماری یہ میٹنگ، سجاد اللہ صاحب اس میں ہیں، Postpone ہو رہی ہے اور یہ کوسچن اس میں بھی آیا تھا، تو Perhaps ہم اس پہ اس کو Takeup کر کے اور اس کا کوئی ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ملکر مثبت حل نکال سکیں گے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: Thank you, Question taken jee.

خیر ہے ابھی چھوڑ دیں، ان کی Suggestion تھی، یہ لمبا ہو جائے گا، بہت لمبا ہو جائے گا۔ کوسچن نمبر 727، مسٹر عدنان خان۔

* 727 _ جناب عدنان خان: کیا وزیر آبکاری و محاصل و انسداد منشیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائز کے پاس گاڑیوں کی رجسٹریشن کے لئے درخواستیں دی جاتی ہیں، ان گاڑیوں کے کاغذات کی Verification کسٹم اتھارٹی سے کی جاتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ Verification کا طریقہ کار کیا ہے، گزشتہ دو سالوں میں کتنی گاڑیوں کی Verification، رجسٹریشن اور خط و کتابت ہوئی ہے؟

جناب خلیق الرحمان (وزیر محاصل و آبکاری): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائز کے پاس جن گاڑیوں کی رجسٹریشن کے لئے درخواستیں دی جاتی ہیں، Local assembled گاڑیوں کی رجسٹریشن متعلقہ کمپنیوں سے کی جاتی ہے جبکہ باہر سے درآمد کی گئی گاڑیوں کے کاغذات کی Verification محکمہ کسٹم سے کی جاتی ہے۔

(ب) قانون کے مطابق مذکورہ Verification دو طریقوں سے کی جاتی ہے۔

(i) جن گاڑیوں کا ریکارڈ کسٹم ڈیپارٹمنٹ Online system (WeBOC) پر Upload کرتا ہے، ان کی Verification online کی جاتی ہے اور جن کا ریکارڈ Upload نہیں کیا جاتا، ان کی Verification خط و کتابت کے ذریعے کی جاتی ہے۔

(ii) گزشتہ دو مالی سالوں میں کل 466 امپورٹڈ گاڑیوں کی رجسٹریشن ہوئی ہے جن میں 123 گاڑیاں آن لائن اور باقی 343 گاڑیوں کی Verification خط و کتابت کے ذریعے ہوتی ہے۔

جناب عدنان خان: باقی سر، اس میں میں مطمئن ہوں لیکن صرف اتنا مجھے منسٹر صاحب بتا دیں کہ وہ گاڑیوں کی Verification کے بارے میں میں نے بات کی تھی کہ جو امپورٹڈ گاڑیاں ہیں، ان کی Verification جو Online system ہے WeBOC پر Upload کرتا ہے یہ کسٹم ڈیپارٹمنٹ، لیکن جو وہاں پہ Online upload نہیں ہوتا، اس کی Verification خط و کتابت کے ذریعے سے کی جاتی ہے۔ ہونا تو یہ تھا کہ وہ 465 ہیں یا 466، ان کی ہمیں ڈیٹیل بتا دیتے کیونکہ اتنی لاکھوں میں گاڑیاں رجسٹرڈ ہوتی ہیں اور پورے تین سالوں میں میرے خیال میں اس سے زیادہ ہونگی لیکن چلو ٹھیک ہے وہ مان لیتے ہیں، اگر For example وہ Upload نہیں کرتے ہیں کسٹم والے، تو وجہ کیا ہے کہ وہ نہیں Upload کرتے ہیں؟ اور دوسری بات یہ ہے کہ وہ خط و کتابت کی نوبت کیوں آتی ہے؟ ہونا تو یہی چاہیئے نا کہ ایک ہی طریقہ کار ہو کہ وہ Upload کرتے تھے، جو اپنی WeBOC ہے، اگر اس کے اوپر نہیں آتی تو خط و کتابت کا کیا ہے؟ اس کے بارے میں تھوڑی سی تفصیل بتا دیں، باقی میں مطمئن ہوں۔

وزیر محاصل و آبکاری: سپیکر صاحب، ہم نے تو ایم پی اے صاحب کو بڑا 'ڈیٹیلڈ' جواب اس حوالے سے دیا ہے کہ جو امپورٹڈ گاڑیاں ہیں، ان کی رجسٹریشن سے پہلے ہم جو ہیں ان کا باقاعدہ PRAL پہ جا کر ہم چیک کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ اس کا ٹیکس جمع ہوا ہے کہ نہیں ہوا؟ تو وہ WeBOC اس کو کہتے ہیں، Online system ہے، اس پہ ساری ڈیٹیل Available ہوتی ہے، اسی پہ آپ چیک کر کے ہم رجسٹرڈ کر دیتے ہیں گاڑیاں، اور دوسرا یہ کہ جو Locally assembled گاڑیاں، ان کی جو کمپنیاں ہیں، انہی کی ڈیٹیل ادھر سے چیک کرتے ہیں اور اس کے بعد رجسٹریشن ہوتی ہے لیکن چونکہ پچھلے سالوں میں میں نے جس طرح آپ کو بتایا کہ ہماری رجسٹریشن اتنی زیادہ وہیکلز کی ہوتی بھی نہیں ہے، جو Cars وغیرہ ہیں، تو ان کا بھی ہم نے بتایا ہے ان کو کہ تقریباً 466 گاڑیاں ہم نے رجسٹرڈ کی ہیں جو کہ امپورٹڈ گاڑیاں ہیں۔

جناب عدنان خان: سپلیمنٹری کہ آپ نے یہاں پہ جواب بالکل صحیح دیا ہے کہ WeBOC کے ذریعے آپ کی Online verification ہے، 466 گاڑیوں کا ذکر آگیا ہے کہ پورے صوبے میں 466 گاڑیاں جو امپورٹڈ گاڑیاں ہیں، ان کی رجسٹریشن ہوئی ہے لیکن ان کی Verification جو کسٹم ڈیپارٹمنٹ میں ہوتی ہے کیونکہ امپورٹڈ گاڑیوں کی بات ہو رہی ہے، لوکل گاڑیوں کا مسئلہ ہی ختم ہے تو اس میں یہ لکھا گیا ہے کہ ہم اس کا ریکارڈ کسٹم ڈیپارٹمنٹ کے Online system کی WeBOC پر Upload جب وہ کر لیتے ہیں، ہم ان سے لے لیتے ہیں اور جن کا وہاں پر Upload نہیں ہوتا ہے، ان کا جو ریکارڈ ہے، وہ ہم خط و کتابت کے ذریعے ان سے منگواتے ہیں، تو اس کے لئے بھی قانون ہونا چاہیئے کیونکہ ابھی اگر وہ ان کے سسٹم کے اوپر Upload نہیں ہے، یہاں پہ رجسٹرڈ ہو جاتی ہے، خط و کتابت کا کیا پتہ، خط و کتابت میں پھر یہ مسئلے آجاتے ہیں نا، میرا کوسچن یہ ہے کہ وہ پھر کیوں Upload نہیں ہوتی ہیں، وہ WeBOC کے اوپر کیوں نہیں آتی ہیں، آپ خط و کتاب سے وہ کیوں کرتے ہیں؟ یہ میرا کوسچن ہے۔

وزیر محاصل و آبکاری: سپیکر صاحب، اس میں کچھ گاڑیاں ایسی ہوتی ہیں جو کہ کسٹم میں آکشن کی ہوتی ہیں، اس کی ڈیٹیل جب Upload کرتے ہیں، اس میں ٹائم لگ جاتا ہے، اس کے لئے باقاعدہ ہمارا ایک طریقہ کار کے ذریعے ہم لیٹر لکھتے ہیں، جو بھی کسٹم کے مختلف ڈیپارٹمنٹس ہیں اور ان سے جو جواب آجاتا ہے تو اس کے بعد ہم رجسٹریشن کرتے ہیں۔ اگر فرض کریں اس میں ایسی کوئی بات ہوتی تو پھر یہاں پہ کافی زیادہ گاڑیاں رجسٹرڈ ہوتیں، اگر کوئی اس میں گھپلے ہوتے یا کچھ اور ہوتا، اسی لئے یہ کم ہیں کیونکہ یہ بڑی لمیٹڈ

گاڑیاں ہوتی ہیں جن کی وہ معلومات Upload نہیں کی ہوئی ہوتیں، لیکن یہ ہے کہ جس طرح کہہ رہے ہیں ہم اس پہ بیٹھ جائیں گے، اس کو اگر ہم بہتر بنا سکتے ہیں، ان شاء اللہ ہم اس کو بھی بہتر کر دیں گے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی۔

Question taken. Question No. 761, Mr. Ahmad Kundi. Mr. Ahmad Kundi, please.

جناب احمد کنڈی: شکریہ سپیکر صاحب! اس پہ Reply کون کرے گا سر؟ اچھا آفتاب صاحب آگئے ہیں۔

جناب سپیکر: جی۔

* 761 _ جناب احمد کنڈی: کیا وزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 600 چالو لیزوں کے ساتھ رائیلٹی، آکشن فیسوں سمیت محکمہ ہذا کا سالانہ ریونیو تقریباً سات ارب روپے ہے;

(ب) اگر (الف) کا جواب درست ہے تو:

(i) محکمہ ہذا اگر ان بند 3200 لیزوں کے شروع کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے تو صوبے کے سالانہ ریونیو میں کتنا اضافہ ممکن ہوگا، نیز ان 3200 لیزوں سے تقریباً کتنے لوگوں کو روزگار مل سکتا ہے;

(ii) محکمہ ہذا ایسی بند لیزوں پر بھی سالانہ Advance annual rent لینے کا پابند ہے;

(iii) اور یہ کہ Advance annual rent لیٹ ہونے پر ماہانہ کتنا جرمانہ وصول کرتا ہے؟

جناب علی امین خان (وزیر اعلیٰ) (جواب جناب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی نہیں، محکمہ معدنیات خیبر پختونخوا میں 3200 چالو لیزوں کے ساتھ رائیلٹی، آکشن فیسوں سمیت محکمہ ہذا کے سالانہ ریونیو برائے اقتصادی سال 24-2023 تقریباً 06 ارب 20 کروڑ 99 لاکھ 70 ہزار 491 روپے ہے۔

(i) محکمہ معدنیات خیبر پختونخوا میں 3200 شروع / چالو حالت میں ہیں جن سے محکمہ ہذا کو سالانہ ریونیو برائے اقتصادی سال 06 ارب 20 کروڑ 99 لاکھ 70 ہزار 491 روپے ہے اور تقریباً ایک لاکھ 60 ہزار لوگوں کو روزگار مل چکا ہے۔ اگر 600 بند لیزوں کو کھونے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں تو محکمہ کو مزید ایک ارب روپے سے زیادہ سالانہ ریونیو متوقع ہے اور تقریباً 30 ہزار مزید لوگوں کو روزگار کے مواقع مل سکتے ہیں۔

(ii) جی ہاں، محکمہ معدنیات خیبر پختونخوا منرل ایکٹ 2017 کے تحت بند مائننگ لیزوں سے Annual rent لینے کا پابند ہے۔

(iii) Advance annual rent لیٹ ہونے پر خیبر پختونخوا منرل ایکٹ 2017 کے سیکشن 71(3) کے تحت ماہانہ 10 ہزار جرمانہ وصول کرتے ہیں۔

جناب احمد کنڈی: سر، میرا یہ سوال ہے کہ کیا وزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے، 600 چالو لیزوں کے ساتھ رائیلٹی، آکشنز فیسیں سمیت محکمہ ہذا کا سالانہ ریونیو تقریباً سات ارب روپے ہے اور اس کے ساتھ، اگر سوال اثبات میں ہے تو محکمہ ان بند 3200 لیزوں کے شروع کرنے کے لئے، سر، اس میں یہ 'ڈیٹیلڈ' سوال ہے، Basically سوال اس مقصد کے لئے ہے، یہاں پہ خیبر پختونخوا کا مائنز اینڈ منرلز سر، آپ کو مجھ سے زیادہ پتہ ہے، جب سے 2017 کا جو یہ ریونیو ایکٹ اس اسمبلی میں آیا تو ایک ارب سے لیکر ہم دس ارب پہ پہنچ گئے ہیں اور اس کے اوپر لوگوں کی نگاہیں بھی ہیں جس کو ہم Resist کر رہے ہیں۔ میرا سوال Basically یہی ہے کہ بند لیزیں اگر ہم ان کو چالو کروالیں تو میرے خیال میں ہمارے ریونیو میں ڈیپارٹمنٹ نے خود کہا ہے ایک لاکھ ساٹھ ہزار بندے بھی بھرتی ہو سکتے ہیں اور ایک ارب کا سالانہ ریونیو بھی مزید بڑھ سکتا ہے۔ سوال کا جواب انہوں نے یہ دیا ہے اور یہ بند کیوں ہیں Basically، میں اس لئے سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیجنا چاہتا ہوں۔ پچھلی دفعہ بھی ہم نے ایک میٹنگ کی تھی جس میں ہوم سیکرٹری نے باقاعدہ ہر ڈی سی کو پابند کیا ہوا ہے کہ آپ نے ہر Monday کو میٹنگ کرنی ہے 'لینڈ اونرز' کے ساتھ اور 'مائن اونرز' کے ساتھ، اور ان کو Explosive نہیں ملتا، یہ دو تین بنیادی چیزیں جس پہ ڈی سی زن Implement نہیں کر رہے ہیں اس Decision کو، میری گزارش ہے، اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیجیں، ان شاء اللہ یہ سوال اس خیبر پختونخوا کی Revenue generation میں Productive ثابت ہوگا، میری گزارش یہ ہے منسٹر صاحب سے، تو Kindly یہ آپ بھجوادیں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ تھینک یو۔

Mr. Speaker: Honourable Minster for Law.

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ سر، یہ بالکل کنڈی صاحب نے جو سوال اٹھایا ہے اور اس کے اوپر چونکہ تھوڑی سی کنفیوژن ہے، چالو لیزز کافی ہیں، تھوڑی بہت چھ سو سات سو کے لگ بھگ جو ہیں Round about، وہ بند پڑی ہیں اور اس میں

Main issue یہی جو کنڈی صاحب نے اٹھایا کہ یا تو اس میں Disputes ہیں Land disputes یا لینڈ اونرز کے ساتھ Disputes ہوتے ہیں یا پھر Explosive related issues جو ہیں وہ ابھی تک حل نہیں ہو رہے، تو ٹھیک ہے جی، اصل میں سر، یہ ریونیو جو Mentioned ہے، یہ 2023-24 Financial year کا ہے، اب ریونیو کافی بڑھ چکا ہے، میرے نالج کے مطابق وہ تقریباً آٹھ ارب سے بڑھ چکا ہے اور ہو سکتا ہے By end of this financial year ہو سکتا ہے وہ دس ارب سے بھی تجاوز کر جائے، تو ٹھیک ہے سر، اس کو بھیج دیں، اگر یہ چاہتے ہیں اور اس میں پھر یہی ریکویسٹ ہو گی جو Concerned lease holders ہیں جو Title holders ہیں، ان کے ساتھ اگر رابطہ کیا جائے، ان کو بھی بلا لیا جائے کہ ان کے جو Concerns ہیں، ان کو سنا جائے اور اس کے مطابق ڈیپارٹمنٹ سے جواب طلبی ہو جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question No. 761 may be referred to the Standing Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Standing Committee. Question No. 762. Mr. Ahmad Kundi, Mr. Ahmad Kundi, please.

* 762 _ جناب احمد کنڈی: کیا وزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں فیس سٹرکچر و ریگولیشن کے لئے MIFA (Minerals Investment Facilitation Authority) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) MIFA کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا ہیں جبکہ اس سے پہلے MIFA کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا تھے;

(ii) اگر منرلز ایکٹ 2017 اور موجودہ منرلز ایکٹ کے MIFA کے ڈھانچے میں فرق ہے تو عوامی نمائندوں بشمول لیز ہولڈرز کے نمائندوں کو کیوں نکالا گیا ہے؟

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) MIFA کے ممبران کی تعداد سات ہے اور عہدے درج ذیل ہیں:

(i) وزیر معدنیات، خیبر پختونخوا۔

(ii) سیکرٹری معدنیات، خیبر پختونخوا۔

(iii) سیکرٹری فنانس، خیبر پختونخوا۔

(iv) سیکرٹری ماحولیات، خیبر پختونخوا۔

(v) سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور، خیبر پختونخوا۔

(vi) وائس چیئرمین بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ، خیبر پختونخوا۔

(vii) ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز، خیبر پختونخوا۔

اس سے پہلے MIFA کے ممبران کی تعداد پندرہ تھی جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

(1) وزیر معدنیات، خیبر پختونخوا۔

(2) چیئرمین، سٹینڈنگ کمیٹی، صوبائی اسمبلی، خیبر پختونخوا۔

(3) صوبائی اسمبلی کے ایک نامزد شدہ ممبر۔

(4) صوبائی اسمبلی کے حزب اختلاف کی طرف سے ایک نامزد شدہ ممبر۔

(5) سیکرٹری معدنیات، خیبر پختونخوا۔

(6) سیکرٹری فنانس، خیبر پختونخوا۔

(7) سیکرٹری ماحولیات، خیبر پختونخوا۔

(8) سیکرٹری قانون، پارلیمانی امور، خیبر پختونخوا۔

(9) وائس چیئرمین، بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ، خیبر پختونخوا۔

(10) ڈائریکٹر، نیشنل سنٹر آف ایکسلنس ان جیولوجی، یونیورسٹی آف پشاور۔

(11) چیئرپرسن مائننگ، انجینئرنگ یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی پشاور۔

(12) صدر، خیبر پختونخوا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز۔

(13) صدر، خیبر پختونخوا ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز۔

(14) صدر، مائنز اونرز ایسوسی ایشن، خیبر پختونخوا۔

(15) صدر، مائنز ورکرز ایسوسی ایشن، خیبر پختونخوا۔

<u>جناب احمد کنڈی:</u> شکریہ سپیکر صاحب، میرا سوال وزیر معدنیات سے تھا، کہ آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں فیس سٹرکچر اور ریگولیشن کے لئے MIFA کا قیام عمل میں لایا گیا؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو

MIFA کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا ہیں؟ اور اگر منرل ایکٹ 2017 اور جو موجود ہیں، اس میں موازنہ کیا جائے تو فرق کیا ہے؟ سر، میں اس میں دو تین منٹ چاہوں گا آپ کے، یہ بڑی Important ایک چیز ہے، میں سارے کولیگز کے آگے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں۔ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ جو کہ ابھی ٹیبل نہیں ہوا Consideration stage میں شاید نہیں آیا، ٹیبل ہو چکا ہے لیکن Consideration stage میں نہیں آیا، اس میں وزیر اعلیٰ صاحب نے کہا، ایم پی ایز اس کو پڑھیں اور مجھے Suggestions دیں اور یہ بڑی خوش آئند بات ہے، اس نے کہا یہ پڑھتے نہیں ہیں اور Suggestions نہیں دیتے تو ایسے مجھ پہ اعتراضات کرتے، میرے تین بنیادی اعتراضات ہیں جو آپ وزیر اعلیٰ تک پہنچا دیں، یہ MIFA کے حوالے سے ہی ہے، ایک تو جو ہمارا جو مائنز اینڈ منرلز ایکٹ آرہا وہ خیبر پختونخوا کے Merged districts پہ Applicable نہیں ہے، آپ نے کیوں اس کو Exempt کیا ہوا ہے؟ کیا یہ خیبر پختونخوا کا Merged علاقہ جو ہے یہ خیبر پختونخوا کا حصہ نہیں ہے؟ دوسرا، وہ کہتے ہیں میں نے سودا نہیں کیا صوبے کے مفادات کا، میں کہتا ہوں، میری غلط رائے ہے، انہوں نے اس صوبے کے مفادات کا سودا اس طریقے سے کیا ہے، فیڈرل منرل ونگ کی کوئی حیثیت نہیں ہے یہاں پہ، اس کو MIFA میں آپ نے کیوں ڈالا ہے؟ 2017 میں نہیں تھا، آپ کی حکومت تھی، آپ نے ایکٹ لایا تھا، آپ کی وجہ سے ریونیو بہتر ہوا ہے تو یہ وفاق کا نمائندہ یہاں پہ بیٹھ کے ہمیں کیوں Dictation دے گا؟ اور یہ Eighteenth Amendment میں نہیں ہوا، یہ مائنز اینڈ منرلز Eighteenth Amendment سے پہلے بھی Constitutionally ہمارے پاس تھا اور ابھی بھی ہمارے پاس ہے اور میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں تمام پی ٹی آئی کے ان ایم پی ایز کو جنہوں نے اس کے خلاف کھڑے ہو کر، دیوار کے طور پر ثابت ہوئے ہیں۔ میرے سوال کا مقصد یہی ہے MIFA کی کمپوزیشن سر، آپ دیکھ لیں، 2017 میں جب یہ ایکٹ آیا تھا تو کیا تھا اور پھر جب امنڈمنٹ آئی پچھلی دفعہ، میں اس وقت بھی چیختا رہا جناب سپیکر، جب آپ سول سوسائٹی کو سٹیک ہولڈرز کو ان باڈیز میں نہیں ڈالیں گے، میں اپنی ذات کو نہیں ڈالنا چاہتا، اس میں یہ آپ دیکھ لیں، پہلے پندرہ تھے، ابھی سات ہیں، ان پندرہ میں کون تھے، ان پندرہ میں صدر خیبر پختونخوا ویمن چیمبر آف کامرس، صدر مائنز اینڈ منرلز ایسوسی ایشن، صدر مائنز ورکرز ایسوسی ایشن، کہنے کا مقصد ہے یہ وہ سٹیک ہولڈرز ہیں جو ہمارے پختونخوا کو ریونیو دیتے ہیں، اگر آپ ان کو ان ایوانوں سے باہر کریں گے اور ساری بیوروکریسی کو بٹھائیں گے، اس بیوروکریسی کا حال تو آپ نے صبح سن لیا، جو ہم نے سٹینڈنگ کمیٹی

میں بیان کیا ہے، جنہوں نے، چالیس ارب غبن ہو چکے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں ابھی تک پتہ نہیں ہے کہ کتنے غبن ہوئے ہیں؟ میری گزارش یہ ہے جناب سپیکر، یہ ہمارے پولیٹیکل لوگ اس میں بدنام ہوتے ہیں، یہ آپ کے سٹیک ہولڈرز ہیں، میری آفتاب صاحب سے اور اس کابینہ سے دست بدستہ گزارش ہے، اس سوال کو سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جانے دیں، بڑا Important ہے، منرلز کے اونرز کو، انکی ایسوسی ایشن کو، لینڈاونرز کو اس بیوروکریسی کے ساتھ آپ شامل کردیں، یہ خود آپ کو بتائیں گے، ادھر کیا ہو رہا ہے اور کیا نہیں ہو رہا، اس کا راستہ Way forward کیا ہے؟ شکریہ۔

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر! اس پہ آپ Comment کریں، بات بڑی Justified ہے، آپ کے پندرہ اراکین تھے، وزیر معدنیات وہ ادھر موجود ہیں، چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی نکال دیا، ایک صوبائی اسمبلی کا ممبر نکال دیا، حزب اختلاف کی طرف سے ممبر آپ نے نکال دیا، ڈائریکٹر نیشنل سنٹر آف ایکسیلنس جیالوجی پشاور یونیورسٹی، وہ نکال دیا، چیئرپرسن مائننگ، انجینئرنگ یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی پشاور، وہ نکال دیا، صدر خیبرپختونخوا چیمبر آف کامرس نکال دیا، صدر ویمن نکال دی، صدر منرلز اونرز ایسوسی ایشن نکال دیا، اب یہ ایک ایسی چیز ہے جو بڑی Alarming ہے اور یہ بالکل ٹھیک انہوں نے اس کو ضرور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ڈیبیٹ کے لئے سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیجنا چاہیئے۔ جی ارباب صاحب۔

ارباب محمد عثمان خان: شکریہ سپیکر صاحب، کنڈی صاحب نے اس میں ایک بہت ہی اہم پوائنٹ نوٹ کیا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو بل تھا پہلے بھی اور جو ابھی Proposed ہے، یہ ہمارا Bread andbutter ہے اور اس میں کافی ہم نے امنڈمنٹس تیار کی تھیں لیکن چونکہ وہ بل Controversial ہو گیا تھا تو ہم نے وہ Put نہیں کیا، وہ بھی جب موقع ملا تو کریں گے۔ بڑا Pertinent سوال ہے کہ ہمارے Merged districts جو ہیں وہ Invaluable resources جو ہیں، Majority resources میں ہیں اور ان کو آپ نے Exclude کیا ہوا ہے، تو جب وزیراعلیٰ صاحب اس کا پوچھتے ہیں کہ اس میں کیسے ایسی چیز ہے کہ ہم اس کو کنٹرول دے رہے ہیں، تو Inadvertently آپ نے Indirectly control جو ہے وہ فیڈرل گورنمنٹ کو یا باقی اداروں کو دے دیا گیا ہے کہ آپ نے اس میں سے Merged districts کو Exclude کر دیا ہے۔ دوسرا سر، ہمارے پاس یہاں پہ جو ابھی تک Identified ہو چکے ہیں جو اس بل کا حصہ ہیں، پانچ سو ملین بیرل تیل اور جہاں پہ تیل ہوتا ہے Around thirteen trillion cubic feet gas ہے اور اس بل میں جو اس کی ایک روح ہے،

ساخت ہے، آپ نے آئل اینڈ گیس کیوں Exclude کیا ہوا ہے؟ جس میں پختونخوا کی Main Source کا royalties ہے اور سر، اس میں آخری پوائنٹ چونکہ یہ سپلیمنٹری ہے، Add کرنا چاہوں، اس کو Lengthy نہیں کرنا چاہتا ہوں کہ جب تک ہم اپنے ہاؤس کو In order نہیں کریں گے، ایک میسج نہیں بھیجیں گے اور جو اس بل کی۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا جی، یہ کنڈی صاحب، Sorry یہ۔

ارباب محمد عثمان خان سر، یہ ختم کر رہا ہوں کہ یہاں پہ ہم Investment لانا چاہ رہے ہیں تو اس میں Bound کیا جائے جو سیکیورٹی فورسز ہیں کہ پہلے آپ ہمیں اس چیز کا تعین دیں کہ جو ہمارے Merged districts کے لوگ رو رہے ہیں کہ ہمیں سیکیورٹی فراہم کی جائے That should be a part of the Bill,Sir; so, two questions,Oil &Gas in merged districts انہوں نے پوچھا ہے اور سیکیورٹی اس میں Bound کریں سر۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ جو آپ نے یہ پوچھا ہے، یہ جو بل ابھی ہم نے ٹیبل کیا ہے، اس کے متعلق ہے یا یہ پہلے سے لے آئے ہیں، یہ MIFA کا۔

جناب احمد کنڈی: سر، سوال یہ ہے کہ ایکٹ بنا ہی نہیں ہے تو ہو ہی نہیں سکتا، یہ جو امنڈمنٹ آئی تھی سر، اس میں بھی میں چیختا رہا اس وقت، یہ ابھی آپ نے 2017 دوبارہ MIFA میں امنڈمنٹ کی ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا۔

جناب احمد کنڈی: میں تو اس میں چیخ رہا ہوں۔

جناب سپیکر: یہ Unjustified ہے۔

جناب احمد کنڈی: وہ تو آگے والا سودا جب آئے گا تب بات ہو گی۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل منسٹر صاحب۔

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): شکریہ جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب، جو کنڈی صاحب نے سوال اٹھایا ہے پہلے، تو جو انہوں نے شروعات کیں، وہ میرے خیال میں Irrelevant تھیں، سوال سے بالکل ہٹ کر تھیں، ہمارا منزل جو بل ہے جو میرے خیال میں لاعلمی میں بھی کئی لوگوں نے اس کو Controversial کیا ہوا ہے اور جس طرح چیف منسٹر صاحب نے ہماری پارلیمنٹری پارٹی میٹنگ میں بھی

اس کی وضاحت کی اور ہم نے پریس کانفرنس میں بھی وضاحت کی کہ آپ صرف یہ بل پڑھ لیں اور اس میں کوئی ایک نکتہ بتادیں جس میں صوبے کا اختیار موجودہ صوبائی حکومت۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا، اس سے نئی ڈیبیٹ شروع ہو جائے گی، اس پہ آجائیں جی۔

وزیر قانون: سر، میں ڈیبیٹ نہیں کرنا چاہتا لیکن سر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ بڑی لمبی کہانی ہے، اس پہ دیکھیں بہت سارے لوگوں کے اعتراضات، ہم نے ان کو لیٹر لکھ دیا، گورنمنٹ کو نہیں لکھا ہے ابھی؟ جو لوگوں نے Proposed کیا ہے اور جو مختلف آرگنائزیشنز میں تھینک ٹینک نے، ایم پی ایز نے یہ سارا ہمیں وہ جو کچھ Compile کر دیا ہے، اس پہ ہم آپ کو لیٹر ان شاء اللہ ایک دو دن میں بھیج دیں گے جی۔

وزیر قانون: سر، میں اس کی وضاحت اس لئے کرنا چاہتا ہوں کہ کنڈی صاحب نے چونکہ یہ سوال MIFA کے حوالے سے کیا یا MIFA کی جو باڈی ہے، سٹرکچر ہے جو ایکٹ میں موجود ہے، ہمارے ایکٹ 2017 میں، اس کے حوالے سے کیا ہے لیکن انہوں نے شروعات جو ہے، وہ منرل بل کے حوالے سے انہوں نے بات کی تو اس کی تھوڑی سی وضاحت کرنا چاہوں گا کہ فیڈرل منرل ونگ جو ہمارے Proposed ابھی کرنٹ بل میں شامل کیا گیا ہے، وہ صرف اور صرف Single member ہے اور Permanent member نہیں ہے، وہ Co-opted member ہیں، ان کو اگر ضرورت پڑی تو بلا سکتے ہیں، ضرورت نہ پڑی تو اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے، ان کا نہ ووٹ ہے نہ وہاں پہ ان کی کوئی Say ہے، صرف اور صرف وہ Recommendation دے سکتے ہیں، ہم ایک اکائی ہیں، ہم فیڈریشن کے اندر رہ رہے ہیں تو ان کے Inputs اگر ضرورت پڑی صوبے کو تو وہ آ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ Co-opted member ہیں، میرے خیال میں کنڈی صاحب اس کو بہتر طریقے سے سمجھتے ہیں۔ اچھا سر، اس ڈیبیٹ میں نہیں جانا چاہتا، میں سوال کی طرف۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس پہ کسی دن ہم آپ کے مشورے کے ساتھ ہم ایک پورا دن اس پہ ڈیبیٹ بھی کرا لیتے ہیں۔

وزیر قانون: ٹھیک ہے سر۔ سر، یہ جو موجودہ ان کا کوئسچن ہے سر، اس کی طرف میں آنا چاہتا ہوں۔ MIFA, 2017 original Act میں اس کا جو سٹرکچر تھا وہ سر، آپ دیکھیں Thirteen

members تھے اس میں، کنڈی صاحب صحیح فرما رہے ہیں، میں تو اس ہاؤس کا ممبر نہیں تھا، بہر حال کنڈی صاحب اس ٹائم اس ہاؤس کے ممبر تھے میرے خیال میں، اور بعد میں اس میں امنڈمنٹ کر کے تو وہ سٹرکچر سات ممبرز کا کیا گیا MIFA کا، تو سر، اس کے اوپر ان کا اعتراض ہے کہ یہ واپس وہ ممبرز اس میں ڈالے جائیں، تو سر، میری یہ گزارش ہے کہ چونکہ ابھی تو ہمارا وہ بل یہاں پہ ٹیبل ہو چکا ہے، اس کا Fate ابھی چیف منسٹر صاحب نے، Already آپ بھی کلیئر کر چکے ہیں، چیف منسٹر صاحب بھی کلیئر کر چکے ہیں کہ جب تک خان صاحب کے ساتھ اس پہ Detailed briefing نہیں ہو جاتی، ہماری پولیٹیکل پارٹی کی بریفنگ نہیں ہو جاتی تو اس کے اوپر آگے پراسیس جو ہے تب تک سٹاپ کیا جائے گا۔ ٹھیک ہے جی، یہ وضاحت ہو چکی ہے، تو ان کے لئے یہ عرض ہے کہ اس ٹائم تک آپ تھوڑا سا اس کو Hold رکھیں، ہو سکتا ہے اگر وہ In question یہاں اسمبلی میں ہو تو اس ٹائم پہ آپ اس میں امنڈمنٹ لے کر آئیں پھر اس میں ہم ڈسکس کر سکتے ہیں، امنڈمنٹ Proposed کریں۔ ٹھیک ہے سر، اس کو کمیٹی لے جانے کی ضرورت میرے خیال میں نہیں ہے اس موقع پہ، دوسری بات۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی تو اس کے آنے میں پتہ نہیں کتنا ٹائم ہے؟ اس ساری Deliberation میں وقت تو لگے گا نا جی۔

وزیر قانون: .Exact اسی طرح ہے لیکن سر، میرے خیال میں یہ کوئسچن کیبنٹ کا، سٹینڈنگ کمیٹی کا بنتا نہیں ہے، یہ MIFA جو ہے یہ Recommendation ضرور دے چیف منسٹر صاحب کو، ہو سکتا ہے ہم وہ ایکٹ جو ہے، بل جو ہے، اس کو ڈراپ کریں اور ہم اپنے پرانے ایکٹ میں امنڈمنٹ لے کر آئیں تو اس مرحلے میں بھی ہو سکتا ہے، چیف منسٹر صاحب کو بھی ہم Input دیں گے۔ اچھا، اس کے علاوہ جو سر نے بات کی، ارباب صاحب نے آئل اینڈ گیس کے حوالے سے، تو چونکہ آپ کو پتہ ہے سر، وہ فیڈرل سبجیکٹ ہے Oil & Gas as a strategic mineral وہ فیڈرل سبجیکٹ ہے اور صوبہ بھی Already KP OGDCL جو ہے اس کے نام سے ایک کمپنی بنا چکا ہے، وہ بھی اپنی لیزز یہاں پہ لے رہی ہے لیکن وہ چونکہ Initial stage پہ ہے، وہ ابھی Established ہو رہی ہے تو ایکٹ میں اس کا شامل ہونا یا نہ ہونا، اس کی تفصیل میں ابھی آپ کو نہیں بیان کر سکتا، وہ کسی اور ٹائم ان شاء اللہ اس کو ڈسکس کریں گے، وہ میرے خیال میں Irrelevant ہے۔ اس کے علاوہ سر، یہ Merged districts کی بات کی گئی ہے یہاں پہ کہ ان کو Exempt کیا گیا ہے، Merged districts کو Exclude کیا گیا ہے تو

میرے خیال میں ابھی بھی واویلا جو ہے وہ سب سے زیادہ ہمارے Merged districts اور ہمارے Merged کی سائڈ پہ جو ہمارے پارلیمینٹیرینز ہیں، انہی کی طرف سے آرہا ہے، حالانکہ ان کے ایریاز جو ہیں وہ Exempted ہیں لیکن ان کی بات ٹھیک ہے کہ وہاں سے بھی جو رائیلٹی کی مد میں وہ Exempted نہیں ہیں لیکن وہ جو To the extent of changes جو ہے وہ Exempted ہیں، رائیلٹی Merged districts سے بھی آتی ہے، میرے ساتھ جو Merged sub division ہے، اس سے تقریباً لگ بھگ ستر کروڑ سے لے کر ایک ارب تک ریونیو Collect ہوتا ہے، وہاں پہ Coal ہے، اس کی رائیلٹی ادھر سے Collect ہوتی ہے، تو ایسی کوئی بات نہیں ہے اور ان شاء اللہ اس کو ڈسکس کر لیں گے جب وہ Under consideration آجائے گا۔ ٹھیک ہے سر، .Thank you so much

جناب سپیکر: جی کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: سر، میری تو گزارش یہ ہے کہ آج تعداد بھی کافی ہے، آج ہی ڈیبیٹ کروادیں مائنز اینڈ منرلز پہ (قہقہہ) تاکہ آفتاب صاحب جو غلط بیانی کر رہے ہیں، فلور آف دی ہاؤس مجھے کہنا پڑ رہا ہے، بل کی کاپی میرے پاس ہے، اگر یہ مجھے دکھادیں جو وہ Co-opted member ہیں فیڈرل کا، میں جرمانہ دوں گا، وہ ممبر ہے، اس کو اختیار بے تحاشہ دیا گیا ہے لیکن چھپن چھپائی کر کے دیا گیا ہے، وہ بھی میں آپ کو بتا دوں گا کہ کہاں کہاں پہ دیا گیا ہے؟ تو میں اس ڈیبیٹ میں نہیں جانا چاہتا، میں صرف اپنے آنریبل کولیگز کے سامنے ایک چیز رکھنا چاہتا ہوں، یہ سارے بیٹھے ہوئے ہیں، Irrespective of the party کیا آپ لوگ نہیں چاہتے کہ MIFA کے اندر لینڈ اونرز، مائنز اونرز لوکل لوگ شامل ہوں، اگر یہ لوگ نہیں چاہتے تو بس نہ ڈالیں، ایک بات، لیکن یہ بڑا 'لاجیکل' سوال ہے، یہ سارے کام بیورکریسی پہ کرنا چاہتے ہیں، جو چالیس چالیس ارب کھا جاتے ہیں تو پھر ٹھیک ہے کر لیں، میں تو بڑی Positive approach کے ساتھ Without any political point scoring یہ میں سارے اپنے تمام کولیگز کو ریکویسٹ کرتا ہوں کہ یہ لینڈ اونرز ہیں اس میں، مائنز اونرز ہیں اس میں، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ہے، میں نے اپوزیشن لیڈر والی بات بھی اس میں نہیں ڈالی تاکہ کسی کو یہ خیال نہ آئے شاید کنڈی صاحب اپنے آپ کو ڈالنا چاہ رہے ہیں، لیکن اس سول سوسائٹی کو تو ڈالیں جس نے بیداری کا مظاہرہ کیا اور پورے صوبے میں ایک آواز اٹھائی ہے کم از کم بلوچستان سے ہٹ کے، تو خدارا میری آفتاب صاحب سے یہ گزارش ہے، آپ اس کو "انا" کا مسئلہ نہ بنائیں، اس سوال کو جانے دیں، ایک ڈیبیٹ ہو جائے گی

Positive، میری ریکویسٹ ہے کہ اس کو جانے دیں، ڈیبیٹ ہو جائے گی وہاں پہ،Positive ہو گا تو آپ Adopt کر لیں، آپ کی اکثریت ہے، اگر Positive نہیں ہو گا آپ Reject کر دیں، It`s my humble request.

جناب سپیکر: ٹھہریں، وزیر ریونیو اینڈ اسٹیٹ بڑے عرصے بعد کھڑے ہوئے ہیں، کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

جناب نذیر احمد عباسی (وزیر مال واملاک): شکریہ سر۔ کنڈی صاحب، آپ کی بات کا جواب دینے کے لئے اٹھا ہوں۔ سر، میرے محترم بھائی نے یقیناً اچھی نیت سے تجاویز دی ہوں گی لیکن اس وقت آپ دیکھیں میجارٹی کو بلڈوز کرنا ہوتا تو ہم میجارٹی میں ہیں، یہ اعتراضات، ہم نے خود بھی اس میں دیکھا، جو کمیاں تھیں ان کا بھی احساس کیا اور آپ کی رائے کو بھی احترام ملا اس میں، اسی لئے اس بل کو روک دیا گیا اور آپ کی تجاویز کا ان شاءاللہ بالکل خیر مقدم کریں گے، جو اس صوبے کے بہترین مفاد میں ہونگی تو اس کی فکر، آپ ابھی سٹینڈ نگ کمیٹی میں کس لئے بھیجیں گے؟ کوئی ضرورت نہیں ہے، بھیجتے ہیں تو سپیکر صاحب، بھیج دیں لیکن جب ایک بل آنا ہے، جو تمام تجاویز اس وقت ہم دیکھ رہے ہیں سر، نہیں، میرے خیال میں اس کو اب وہ ہم فٹ بال فٹ بال نہ کھیلیں، جب بل آئے گا، اس میں پھر بھی اختیار آپ کے پاس ہے اور آپ کی ہر اچھی تجویز کو ہم ویلکم کریں گے، بلڈوز نہیں کچھ بھی کر رہے، اس صوبے کے مفاد میں جو چیز نہیں ہو گی قطعاً وہ نہیں ہم کریں گے، آپ اس کی فکر نہ کریں، ہم اسی طرح جتنا آپ کے دل میں درد ہے اس صوبے کا، اتنا ہی ہمارے دل میں بھی ہے جی۔

جناب احمد کنڈی: سر، اس میں میری گزارش یہ ہے کہ میں امنڈمنٹ کرنے تو نہیں جارہا، یہ تو سٹینڈ نگ کمیٹی جائے گا، میں 2017 کے ایکٹ کی بات کر رہا ہوں، عباسی صاحب Understand نہیں کر رہے ہیں، جب وہ نیا ایکٹ آئے گا وہ تو میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں پی ٹی آئی کی تین رکنی کمیٹی کو، انہوں نے بھی Reject کر دیا اس کو، Credit goes to your party & your vigilance really, it’s not a political scoring مطلب انہوں نے بھی Reject کیا، اس لئے میں کہہ رہا ہوں وہ لمبا ٹائم ہے، جب آئے گا 2025 والا تو دیکھیں گے لیکن یہ چیز آپ دیکھ لیں عباسی صاحب! اگر آپ کا ضمیر کہتا ہے کہ اس کو ہونا چاہیئے تو کر دیں، نہیں تو۔۔۔۔

وزیر مال واملاک: سر، دیکھیں، آپ کی تجاویز میں، ایک منٹ، آپ کی تجاویز غیر مناسب نہیں ہیں، میں کہہ رہا ہوں کہ جب ایک بل جو اس وقت بڑا ایک اہم بل ہے ہمارے صوبے کے لئے، وہ سارے کا سارا Lay ہونا ہے، ایسا نہیں ہے کہ اس کو ہم اٹھا کر تو ہم کہیں اس کو رکھ دیں گے، وہ یقیناً آنا ہے، اس میں جو 2017 کا ہمارا بل ہے، اس میں امنڈ منٹس بھی آنی ہیں، اس میں بالکل آپ تجاویز دیں اور جو اچھی تجاویز ہوں گی ان شاءاللہ ان کو Ensure کریں گے کہ اس بل کا حصہ ہوں، تو میرے خیال میں اس کو، ہمارا بل جو آنا ہے جس میں تجاویز لے لی گئی ہیں۔

جناب سپیکر: آنا نہیں ہے، ہوا ہے، وہ ٹیبل ہوا ہے جناب وزیر محترم۔

وزیر مال واملاک: سر،۔۔۔۔

جناب سپیکر: اور وہ Consideration کے لئے نہیں، ہم اسے Consideration کے لئے نہیں Lay کر رہے، اس میں بہت ساری باتیں ڈسکس ہو چکی ہیں، اس میں یقیناً ٹائم ہے اور اگر اس دوران اگر سٹینڈنگ کمیٹی اس کو ڈسکس کرتی ہے تو کیا حرج ہے؟

وزیر قانون: سر، یہ دیکھیں Policy matter ہے اور سٹینڈنگ کمیٹی جو ہوتی ہے سر، وہ صرف Recommendations اور Supervision کے لئے ہوتی ہے، وہ Governance related supervision کے لئے ہوتی ہے، تو میرے خیال میں یہ گورنمنٹ کو۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ دوبارہ آپ Repeat کریں جناب وزیر محترم۔

وزیر قانون: سر، Already جو ہمارا سر۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، آپ نے کیا کہا ہے؟ دوبارہ Repeat کریں ذرا۔

وزیر قانون: سر، میری گزارش ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، میں اسے، آپ نے جو الفاظ کہے ہیں دوبارہ Repeat کریں۔

وزیر قانون: سر، میری گزارش ہے، سر، میں کرتا ہوں سر، میں کرتا ہوں، میں عرض کرتا ہوں سر، اس طرح ہے کہ Already جو ہمارا Proposed Bill ہے، اس میں Already یہ MIFA کا سٹرکچر جو ہے اس کو Re structure کیا گیا ہے، اس میں ممبرشپ بڑھا دی گئی ہے سات سے، یہ ابھی میرے پاس کوئی Soft میں وہ موجود نہیں ہے، نہ ہو تو میں تفصیل بھی تھوڑی سی بتا دیتا، ابھی سر، میرے خیال

میں یہ اس سوال سے ہمیں تھوڑی سی شرارت کی بو آ رہی ہے، آپ مہربانی کریں یہ اس ٹائم پہ اس موقع پہ سٹینڈنگ کمیٹی بھیجنا یہ موزوں نہیں ہوگا اور اس کے اوپر ہم ڈیبیٹ کر سکتے ہیں، یا تو ہمارا جو بل ہے، موجودہ جو بل Lay ہو چکا ہے یا اسی کے موقع پہ یا اگر اس کے علاوہ Already ہمارے Proposed جو پرانا ہمارا ایکٹ ہے، اس میں ہماری Proposed جو امنڈ منٹس ہیں، اس میں بھی ہم ڈسکس کر سکتے ہیں، آپ اس میں Proposal دے سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: کیا آپ شرارت کے لئے یہ کوسچن لائے ہیں آپ؟ (قہقہہ) یہ وزیر محترم کہہ رہے ہیں، میں نہیں کہہ رہا۔

جناب احمد کنڈی: یہ ان کی رائے کا میں احترام کرتا ہوں لیکن رائے سے اختلاف بھی کرتا ہوں۔ سر، میری گزارش یہ ہے، ایک تو آفتاب صاحب کہتے ہیں کہ Standing Committee is a recommendatory body میرا اس سے اختلاف ہے، He must read the Rules of Business; Standing Committee is not only the recommendatory body but it is the oversight body on the government, it is the oversight body. اور دوسری بات یہ ہے، وہ پبلک جو آفیشلز ہیں Like you اور جو منسٹرز ہیں یا کیبنٹ ہے، اس کے اوپر ہم Oversight کرتے ہیں اور وہی پارلیمان کی طاقت ہوتی ہے تو خدارا اس طرح کی Statement دینے سے پہلے تھوڑا سا محتاط ہو کر بات کریں۔

جناب سپیکر: یہ آپ نے زیادتی کی ہے۔

جناب احمد کنڈی: پہلے بھی ان کے ایک یہاں پہ سیکرٹری نے ایک بات کی تھی کہ بھئی! Parliament is subsidiary، ہم نے اس کو Tolerate کیا۔

جناب سپیکر: نہیں، انہوں نے اس پہ پھر Written apology کر لی تھی اور معافی مانگی تھی انہوں نے۔

جناب احمد کنڈی: نہیں، کی تھی سر، لیکن اصل شرارتیں تو یہ والی چیزیں ہیں ہماری، تو میں تو گزارش کر رہا ہوں، اگر ان کو فرض کر و اس بات سے اتفاق نہیں ہے تو ووٹنگ کے لئے ڈال دیں تاکہ ہر ایم پی اے اپنے حلقے میں جائے تاکہ ان سے مائنز اور منرلز کے لوگ پوچھیں کہ آپ نے کس کے حق میں ووٹ دیا، آپ نے کیوں نہیں دیا؟ اگر میری بات غلط ہے تو بالکل ٹھیک ہے یہ Reject کر دیں، میجارٹی ہے ان کے پاس،

کہنے کا مقصد، لیکن ہر بندہ ان سے پوچھے گا کہ آپ نے مائنز اینڈ منرلز کی سول سوسائٹی کو MIFA کا سٹیک ہولڈر کیوں نہیں بنایا؟ میں ابھی بھی کہتا ہوں، ووٹنگ کی طرف مت لے جائیں، نہیں تو یہ پریشانی بن جائے گی، By God میں کہہ رہا ہوں، میں کہتا ہوں اس کو Amicably solve کریں، عباسی صاحب نے بڑی اچھی Proposal دی ہے، اگر ایک اچھی چیز ایک دن کے لئے بھی Implement ہو جائے تو ان کو کیا اس میں پرابلم ہے؟ ہاں اگر، لیکن I will not withdraw from my question.

<u>جناب سپیکر:</u> عباسی صاحب، کیا کہتے ہیں آپ؟

<u>وزیر قانون:</u> یہ کنڈی صاحب اس ہاؤس میں تھے، یہ 2019 میں ہوئی ہیں، امنڈمنٹس ہوئی ہیں ابھی نہیں ہوئیں، 2019 میں ہوئی ہیں۔

<u>جناب احمد کنڈی:</u> تو وہی کہہ رہا ہوں نا۔

<u>وزیر قانون:</u> سر، تو ابھی تو وہ Already ہمارا Under consideration ہے نا، ہم گورنمنٹ سطح پہ اس کو۔۔۔۔۔

<u>جناب احمد کنڈی:</u> وہ بل بڑا لمبا چلا جائے گا، کمیٹی میں بیٹھ جائیں گے۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> سپیکر صاحب، سپیکر صاحب، میں بات کرنا چاہتی ہوں اس پہ۔

<u>وزیر قانون:</u> دیکھیں، ہمارے۔۔۔۔۔

<u>جناب احمد کنڈی:</u> کمیٹی میں بیٹھ جائیں گے، اگر میں Negative ہوا، پالیسی کے خلاف ہوا تو چھوڑ دیں، نہ کریں آپ۔

<u>وزیر قانون:</u> دیکھیں، نہیں کنڈی صاحب، دیکھیں ہمارے 2017 ایکٹ میں کافی Flaws ہیں، اسی لئے تو اس میں ہم Time to time امنڈمنٹ لے کر آئے ہیں، Last time بھی ہماری ایک امنڈمنٹ ابھی بھی پینڈنگ ہے، سر کو پتہ ہے جو Illegal mining کے حوالے سے تھی۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> سپیکر صاحب، دیکھیں کمیٹیز بنی ہی اس لئے ہیں کہ بیٹھ کر مسائل کو ڈسکس کیا جائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> اسے ووٹ پہ ڈال دوں؟

وزیر قانون: سر، یہ میرے خیال میں Norms کے خلاف ہے کہ ایک چیز Already ہاؤس میں Under consideration ہے اور اس کو آپ خواہ مخواہ میں کمیٹی لے کر جائیں تو میرے خیال میں یہ ٹھیک نہیں ہو گا۔۔۔۔

(شور)

جناب احمد کنڈی: اس میں، ایک منٹ۔۔۔

جناب سپیکر: آپ۔

جناب احمد کنڈی: سر، میری بات، This is not against the norms, try to understand that this is our right being a Member of the this Legislative Assembly. آپ نے ایک ایکٹ پاس کیا ہوا ہے، میں اس کو ایک Positive approach کے ساتھ Amend کر رہا ہوں اور سارے کولیگز کو کہہ رہا ہوں، آپ دیکھ لو، میں نے اس میں اپنا نام نہیں ڈالا ہوا، اس میں ایسوسی ایشنز کے نام ڈالے ہوئے ہیں جو آپ کو Input دیں گے، آپ کے ریونیو کو بڑھائیں گے۔

جناب سپیکر: آپ اپنی بات کو Rephrase کر سکتے ہیں، اپنا جناب آنریبل منسٹر۔

جناب احمد کنڈی: یہ کیا بات ہوئی؟

جناب سپیکر: آپ کنڈی صاحب، کہہ سکتے تھے جی، جو نیا ایکٹ ہے، جب یہ Consideration stage پہ جائے گا، اگر آپ نے Withdraw نہ کیا تو ٹھیک ہے۔

جناب احمد کنڈی: سر، تو یہی تو میں نے شروع سے ہی عرض کی۔

جناب سپیکر: اور یہ Consideration کے لئے آیا، مطلب اس میں دونوں باتیں ہیں نا، اس میں ٹائم ہے، ابھی تو وہ یہ چاہتے تھے کہ اس ٹائم کے اندر اگر یہ ڈیبیٹ ہو جائے، سٹینڈنگ کمیٹی میں آپ ویسے انہیں کہہ سکتے ہیں کہ کنڈی صاحب بس ٹھیک ہے، اس کو دیکھ لیں گے۔

وزیر قانون: سر، میرے خیال میں کنڈی صاحب اس کو یہ رنگ دے رہے ہیں کہ ہم خدانخواستہ اس کے خلاف ہیں کہ ہم۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، یہ پہلے والا ہے۔

وزیر قانون: ایسوسی ایشن والے Include نہیں کرنا چاہتے، ہم بالکل اس کے حق میں ہیں کہ اس میں جتنے بھی سٹیک ہولڈرز ہیں، اس میں ممبر شپ دی جائے، اس باڈی میں جو اس کی کمپوزیشن ہے MIFA کی، لیکن سر، میرا اختلاف جو ہے وہ اس سٹیج کے اوپر ہے کہ اس سٹیج کے اوپر میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہے، یہ تھوڑا سا Wait کریں، یا تو اسی بل میں یہ پھر امنڈمنٹ لے کر آئیں، اگر وہ اس بل سے مطمئن نہیں ہیں یا Satisfied نہیں ہیں یا اس کے اوپر ان کی Reservations ہیں، پھر اس سٹیج پہ ہم ڈسکس کر سکتے ہیں نا، نہ ہو تو سر، اگر وہ فرض کریں ڈرافٹ ہو گیا وہ بل، ان کے ساتھ ہماری Commitment ہے کہ ان کی Recommendations جو ہیں یا یہ سوال جو ہے، دوبارہ لے کر آئیں، ان کو Recommendations کے۔۔۔۔

جناب احمد کنڈی: سر، بات یہ ہے کہ یہ جائیداد کا تنازعہ نہیں ہے، کہنے کا مقصد یہ ہے، سٹینڈنگ کمیٹی، یہ کوئی امنڈمنٹ تو نہیں ہے جو ابھی جا کر Implement ہو جائے گی، یہ تو سٹینڈنگ کمیٹی جائے گی، چیئرمین اس کا مائنز اینڈ منرلز کا ہوگا، اکثریت گورنمنٹ کی ہے، ہم ایک اچھا Input بنا سکیں گے، ہو سکتا ہے میرے اس سوال میں بھی کوئی مزید امنڈمنٹ ہو جائے، کوئی اچھی چیز آ جائے تو اس دوران ہم چیزوں کو اکٹھا کر لیں گے، We have a lot of time اس وقت ٹائم نہیں ہوتا، ہم لوگ خود انتخابی حلقوں میں مصروف ہوتے ہیں، آفتاب صاحب ہمیشہ میرے ساتھ بڑے دل کے ساتھ میرے سوالات کو سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیجتے ہیں، میری ان سے دست بستہ گزارش ہے، بڑی Humble گزارش ہے، میرے ہمیشہ بڑے Critical سوالات ہوتے ہیں، وہ بھی یہ بھیج دیتے ہیں، میں ان کا احسان مند ہوں، ایک اور احسان عظیم کر دیں، یہ بھیج دیں تو میرے خیال میں یہ صوبے کے لئے بہتر ہوگا، By God سپیکر صاحب، اس میں میں نے اپوزیشن کا لفظ خود نہیں ڈالا تاکہ یہ اس سے بو نہ آئے کہ یہ Politicize ہو رہا ہے کیونکہ اس میں آپ کا جو Role رہا ہے، پی ٹی آئی کے ممبران کا جو Role رہا ہے وہ بہت Positive رہا ہے۔

جناب سپیکر: حکومت مشورہ کر لے مگر ذرا جلدی کر لیں۔

وزیر قانون: سر، میرا وہی Stance ہے کہ اس کی ضرورت نہیں ہے لیکن چونکہ میرے کولیگز نے بھی کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے اگر یہ جائے، لیکن سر، دیکھیں Already ایک بل ٹیبل ہے، اس سٹیج کے اوپر اس ایشو کو Raise کرنا جو Already میرے خیال میں یہ ہم حل کر چکے ہیں، ان کی ایسوسی ایشنز

کوIncludeہم اس سٹیج پہ کر سکتے ہیں لیکن بہر حال اگر یہ کہتے ہیں، یہ اتنے اس کے اوپر جو ہیں وہ بضد ہیں تو کر لیں سر۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Revenue.

جناب نذیر احمد عباسی (وزیر مال واملاک): یہ مائیک، کنڈی صاحب نے کہا، بھیج دیتے ہیں، میں کہتا ہوں کہ Alreadyایک بل ہے، اب روزانہ آپ یہ مائنزاینڈ منر لز نہ کھیلیں، آپ ہمارے بڑے پیارے بھائی ہیں، جو منسٹر صاحب نے آپ کو "شرارت" کہا ہے تو لاڈ سے کہا ہے آپ کو، پیار سے، تو آپ بیشک بھیج دیں سٹینڈنگ کمیٹی میں، کوئی ایسی بری بات نہیں ہے لیکن روزانہ ہم ایک ایک شق لائیں گے اور ہم ایک چیز کو متنازعہ بناتے جارہے ہیں جس پہ آپ کے سارے ایوان کا اتفاق ہے کہ ہم اس کی بہتر چیزیں اس کو Reframeکریں گے اور دوبارہ Layکریں گے، تو میرے خیال میں یہ تھوڑا سا ایکConcernآجاتا ہے کہ روزانہ ہم یہ مائنزاینڈ منر لز کھیلتے رہیں گے تو تھوڑا اچھا نہیں ہوگا، اس سے پھر ایک ماحول اور طرف چلا جائے گا، اس وقت سارا ایوان جو ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: بہر حال ڈیبیٹ تو سوسائٹی میں ہوتی ہے نا جی، یہاں ڈیبیٹ تو ہوگی نا، آپ ڈیبیٹ کو تو بند نہیں کر سکتے ہیں نا، آپ چاہیں کہ ڈیبیٹ ہی بند کر دیں۔

وزیر مال واملاک: نہیں سر، میں یہ کہتا ہوں، جب اس پہ سب ایوان، جناب سپیکر، اس ایوان میں بیٹھا ہوا کوئی شخص بھی کسی ایسے قانون کا حصہ نہیں بننا چاہتا ہے، نہ بن رہا ہے۔ اس میں اپوزیشن کے لوگ بھی ہیں اور ٹریژری بینچ سے بھی ہیں، ہم بالکل کوئی چیز بلڈوز نہیں کرنا چاہتے ہیں، جہاں پہ کوئی نشاندہی ہوتی ہے اور واقعتاً وہ چیز ٹھیک نہیں ہے تو ہم اس میں تبدیلی لانے کے لئے تیار ہیں لیکن روزانہ اگر اس کو کریں گے تو پھر یہ جیسے آج اب اس پہ یہ آگئی، اس پہ ووٹنگ ایک کروالیتے ہیں تو ایک، میں سمجھتا ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: چلیں، آپ کنڈی صاحب سے مشورہ کر لیں۔

وزیر مال واملاک: کنڈی صاحب، آپ شکریہ ادا کریں، ہم نے ان کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے سٹینڈنگ کمیٹی کے لئے آپ کو کہہ دیا ہے، ریفر کر دیں۔

جناب احمد کنڈی: میں آفتاب صاحب کا بے حد مشکور ہوں سر، آفتاب صاحب کا، عباسی صاحب کا، سارے آپ کو لیگز کا۔ سر، یہ سوال صرف آپ دیکھ لیں، اگر یہ ایکٹ کے بعد آیا ہے تو میں جرمانہ دوں گا But it is before, by God, it is with very positive approach, not with any

مطلب جو ہے نا، کوئی Negative اس کے ساتھ میں نے کیا ہے نہ کوئی شرارت ہے اور میں آپ کا مشکور ہوں۔ آپ ہمیشہ اپوزیشن کی عزت کرتے ہیں، سوالات کو بھیجتے ہیں اور میں آفتاب صاحب کا بے حد احسان مند ہوں اور عباسی صاحب کا شکریہ سر، تھینک یو۔

جناب محمد ریاض: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: بس ہو گیا جی، جب سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیج رہے ہیں تو پھر وہی بات ہو جائے گی، کیوں؟ چلو سناؤ، ریاض خان کا مائیک On کریں۔

جناب محمد ریاض: شکریہ سر۔ سر، میں زیادہ بات نہیں کروں گا، شکریہ ادا کروں گا لیکن مرجڈ اضلاع کی بات اس میں ہو گئی سر، بہت ضروری ہے، یہ سر، Add کر لیں، وہاں پر معدنیات کا غیر قانونی طریقے سے اس کا وہ ہو جاتا ہے، پھر ہمارے کرم میں پی ایم ڈی سی ہے، ایک کمپنی، اس کا دورانیہ پورا ہو چکا ہے سر، پچھلے تقریباً 9 مہینے پہلے بھی میں نے یہ ریکویسٹ کی تھی سر، وہاں پر ہماری سوپ سٹون کے بڑے بڑے پہاڑ۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ Irrelevant ہو گئے، آپ بہت دور چلے گئے ہیں۔

جناب محمد ریاض: سر، یہ اس لئے وہ مرجڈ اضلاع کی جو۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کوسچن کچھ اور ہے، دیکھیں Relevancy میں آپ پوچھیں نا، آپ بہت دور نکل گئے ہیں۔

جناب محمد ریاض: سر، چلو ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: ہاں نا، دور نکل گئے نا۔

Mr. Muhammad Riaz: Okay, ji.

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question No. 762 may be referred to the Standing Committee concerned? Those who in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Standing Committee.ٹھیک ہو گیا جی۔ Question No. 785, Mr. Ihsan Ullah Khan, deferred.

جی سجاد اللہ خان، آپ آرام کریں۔ تاج خان! پہلے یہ باقی بزنس لے لیں، قرارداد یں آخر میں ہو جائیں گی نا، آپ کو کائے (کہاں) کی جلدی ہے، آپ نے کہیں جانا ہے؟ جانا ہے، کسی اور کو دے دیں۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

863 _ جناب محمد نثار: کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صنعت کے میدان میں نئی نئی منصوبہ بندیاں کی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین سالوں کے دوران کیا کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے؛

(ii) کون کونسی صنعت اور صنعتی تحقیق، تجارت اور سروے کئے گئے ہیں، موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عبدالکریم (معاون خصوصی صنعت و حرفت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ محکمہ صنعت و حرفت کے ذیلی اداروں نے صنعت کے میدان میں نئی نئی منصوبہ بندیاں کی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

(ب)(i) ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز اینڈ کامرس {DG (IC)}:

موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعتوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

S. NO	Operational Units	Closed Units
1	3287	309

نوٹ: مندرجہ بالا فراہم کردہ تفصیل صرف ان صنعتوں کی ہے جو صنعتی زون سے باہر موجود ہیں۔ صنعتی زون کے اندر موجود صنعتوں کی تفصیل SIDB اور KPEZDMC سے تعلق رکھتی ہے۔

(ii) خیبر پختونخوا اکنامک زون ڈیویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ (ازدمک) (KP-EZDMC) کے پی ای زیڈ ڈی ایم سی نے گزشتہ تین سالوں میں مندرجہ ذیل منصوبوں پر عمل کیا ہے:

1۔ جلوزئی اکنامک زون کا انفراسٹرکچر ڈیویلپمنٹ۔

2۔ نوشہرہ اکنامک زون کا انفراسٹرکچر ڈیویلپمنٹ۔

3۔ غازی اکنامک زون کا انفراسٹرکچر ڈیویلپمنٹ۔

4۔ڈی آئی خان اکنامک زون کاانفراسٹرکچرڈیویلپمنٹ۔

5۔حطار سپیشل اکنامک زون کاانفراسٹرکچرڈیویلپمنٹ۔

6۔بنوں اکنامک زون کاانفراسٹرکچرڈیویلپمنٹ۔

7۔چترال اکنامک زون کاانفراسٹرکچرڈیویلپمنٹ۔

8۔مہمند اکنامک زون میں بیلنس انفراسٹرکچر کے کام کی تکمیل،ابھی تک جاری ہے۔

9۔مہمند اکنامک زون تک رسائی سڑک۔

10۔حطار سپیشل اکنامک زون کے لئے سروس ایریا کی تعمیر۔

11۔پشاور میں کے پی ای زیڈ ڈی ایم سی ٹاور کی تعمیر،ابھی تک جاری ہے۔

12۔پشاور اکنامک زون میں زون فیسیلیٹیشن آفس کی تعمیر۔

13۔حطار اکنامک زون میں زون فیسیلیٹیشن آفس کی تعمیر۔

14۔بونیر اکنامک زون کے لئے زمین کا حصول۔

15۔سالٹ اینڈ جپسم سٹی،کرک کے لئے زمین کا حصول۔

کے پی ای زیڈ ڈی ایم سی مندرجہ ذیل منصوبوں پر کام کر رہا ہے جو ابھی منصوبہ بندی کے مرحلے میں ہیں:

1۔بونیر اکنامک زون کاانفراسٹرکچرڈیویلپمنٹ۔

2۔سالٹ اینڈ جپسم سٹی،کرک کاانفراسٹرکچرڈیویلپمنٹ۔

3۔نئے ضم شدہ اضلاع میں دو اقتصادی زونز کی ترقی۔

فعال اور غیر فعال صنعتوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

District	S. No	Zone Name	Operational Units	Closed Units
Nowshera	1	Nowshera Export Processing Zone.	16	15
	2	Nowshera Economic Zone.	98	09
	3	Nowshera Economic Zone Extension.	09	01
	4	Jalozai Economic Zone.	07	00
Haripur	5	Hattar Economic Zone	324	45

	6	Hattar Special Economic Zone	06	00
Peshawar	7	Peshawar Economic Zone	548	48
Swabi	8	Gadoon Economic Zone	158	98
Mohmand	9	MohmandEconomic Zone	18	01
D I Khan	10	Dera Ismail Khan Economic Zone	17	01
	Total		1201	218

3۔ سمال انڈسٹریزڈیویلپمنٹ بورڈ(Small Industries Development Board (SIDB)

(i) پچھلے تین سالوں میں SIDB نے انڈسٹریل پارک پشاور، انڈسٹریل پارک بنوں، انڈسٹریل پارک ڈی آئی خان، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ صوابی، انڈسٹریل اسٹیٹ دیر لوئر، سمال انڈسٹریل اسٹیٹ باجوڑ، انڈسٹریل پارک باڑہ، خیبر اور سمال انڈسٹریل اسٹیٹ سوات میں قائم کرنے کا منصوبہ بنایا۔

A(ii)۔پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر درج ذیل اسٹیٹس کے قیام کے لئے فزیبلٹی اسٹڈی کی گئی اور عمل درآمد کے مراحل میں ہیں۔

خیبر پختونخوا میں چھوٹی صنعتی اسٹیٹس (ایبٹ آباد-III، مانسہرہ، چترال)۔

ضم شدہ علاقوں میں چھوٹی صنعتوں کے قیام کے لئے فزیبلٹی اسٹڈی۔

B۔ عملدرآمد کے تحت اسٹیٹس۔

1۔انڈسٹریل پارک پشاور کے لئے زمین حاصل کر لی گئی، ترقیاتی کام جاری ہے۔

2۔ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ باجوڑ کے لئے زمین حاصل کر لی گئی، ڈیزائن اور ماسٹر پلان کے لئے کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔

3۔انڈسٹریل پارک ڈی آئی خان کے لئے زمین کی نشاندہی کی گئی۔

4۔انڈسٹریل پارک بنوں کے لئے زمین کے حصول کا عمل جاری ہے۔

5۔ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ سوات کے سلسلے میں دفعہ IV کے نفاذ اور سمال انڈسٹریل اسٹیٹ صوابی کے لئے زمین کی شناخت کے لئے ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کیا گیا ہے۔

C۔آئی پی پشاور میں Plug and Play Cold Storage کی سہولیات کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔

D۔ فی الحال قائم کی گئی چودہ چھوٹی صنعتی اسٹیٹس میں سے تیرہ اسٹیٹس فعال حالت میں ہیں اور کلابٹ کی ایک ناکارہ اسٹیٹ کی بحالی کے لئے پالیسی سازی کا عمل جاری ہے۔

6۔ ڈی آئی خان، بنوں، کوہاٹ اور چارسدہ کی اسٹیٹس کو بحالی کے ساتھ گیس اور بجلی کی فراہمی کی گئی، جس نے اسٹیٹس میں صنعت کاری کو فروغ دیا۔

فعال اور غیر فعال صنعتوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

S. No	Zone Name	Operational Units	Closed Units
1	SIE Peshawar	265	00
2	SIE Mardan	268	00
3	SIE Kohat	21	02
4	SIE Bannu	128	00
5	SIE Mansehra	86	02
6	SIE Abbottabad-1	109	01
7	SIE D.I Khan	33	01
8	SIE Khalabat	04	03
9	SIE Karak	11	00
10	SIE Charsadda	34	00
11	SIE Dargai	32	00
Total		991	09

4۔ بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ: KP-BOIT:

چونکہ سوال کا تعلق KP-BOIT سے نہیں بلکہ KP-EZDMC اور SIDB سے متعلق ہے، تاہم کاروباری برادری کی سہولت اور وکالت کے لئے KP-BOIT میں کاروبار کرنے میں آسانی (EODB) کے لئے سیل قائم کیا گیا ہے۔ مزید برآں سہولت فراہم کرنے اور ایک سازگار ماحول بنانے کے لئے پیچیدہ اور فرسودہ ضوابط کی نشاندہی کے لئے 2021 میں نقشہ سازی کی ایک جامع مشق کا انعقاد کیا گیا۔ 170 شناخت شدہ ضوابط میں سے 23 کو آسان یا ہٹا دیا گیا ہے۔

819 _ جناب محمد نثار: کیا وزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی کو روکنے کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی گئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کمیٹی کی مکمل تفصیل کارکردگی فراہم کی جائے؟

جناب مصور خان (معاون خصوصی ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات): (الف) یہ درست ہے، جناب سپیکر، محترم جناب نثار صاحب، رکن صوبائی اسمبلی نے جو سوال اٹھایا ہے اس مد میں عرض ہے کہ محکمہ جنگلات تمام صوبہ خیبر پختونخوا کے جنگلات کا قانونی محافظ اور امین ہے، ہر قسم کی ناجائز کٹائی اور جنگلات کے بہتر انتظام و انصرام غیر قانونی تجاویز کے خلاف متعد چاک و چوبند ہے، نیز جنگلات کی حفاظت و ترویج صوبہ کے طول و عرض میں ہماری اولین ترجیح ہے، غیر قانونی کٹائی، تجاوز اور نو توڑ جنگلات مکمل طور پر ممنوع اور قابل تعزیر ہے۔

(ب) درجہ بالا محکمانہ ذمہ داریوں کی بطور احسن انجام دہی کے لئے محکمہ جنگلات کا ایک پورا ڈائریکٹوریٹ کمیونٹی ڈیویلپمنٹ ایکسٹنشن اینڈ جینڈر ڈیویلپمنٹ مقامی آبادی کے ذریعے مشترکہ انتظام و انصرام جنگل میں شمولیت کے لئے فعال ہے۔ جنگلات کی حفاظت اور مشترکہ انتظام کے لئے وہی ترقی و توسیع ڈائریکٹوریٹ نے مشترکہ انتظام جنگل قانون 2004 کے تحت اب تک 10639 دیہی ترقیاتی تنظیمیں برائے مشترکہ انتظام جنگل رجسٹرڈ کی ہیں۔ اس کے علاوہ حکومت خیبر پختونخوا نے جنگلات کے سائنسی انتظام چوب نکاسی اور وڈلاٹ رولز 2017 کی منظوری دی ہے۔ اس سائنسی انتظام و انصرام کے تحت صوبہ خیبر پختونخوا میں تمام جاری کردہ امور کی مکمل جانچ پڑتال اور مانیٹرنگ کے لئے جناب سیکرٹری محکمہ ماحولیاتی تبدیلی اور جنگلات نے ایک نوٹیفکیشن نمبر So (Tech)/CCFE & WD/V/-590/2023/KC-1/PC/589 مجریہ 31-05-2024 جاری کیا۔ (تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی) اس حکم نامے میں ہدایات جاری کی گئیں کہ سائنسی انتظام جنگلات ہو اور وڈلاٹ رولز 2017 کے تحت تمام جاری کردہ کاموں کی مکمل جانچ پڑتال کی جائے اور اس بابت مانیٹرنگ کے فرائض فارسٹری پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ سرکل پشاور کو تفویض کئے گئے، محکمہ جنگلات کا یہ شعبہ (سرکل) 09 عدد ڈویژنل آفیسر، متعلقہ سٹاف اور جدید GIS لیب پر مشتمل ہے۔ محکمہ جنگلات کے پلاننگ و مانیٹرنگ سرکل کی مانیٹرنگ ٹیموں نے موقع پر جا کر جنگلات کی کٹائی اور چوب نکاسی کے تمام امور کی مکمل جانچ پڑتال کی ہے تاکہ یہ امر یقینی بنایا جائے کہ جنگلات کی کٹائی اور چوب نکاسی ورکنگ پلان اور وڈلاٹ رولز 2017 میں واضح کردہ ہدایات اور ضوابط کے مطابق عمل میں لائی جائے۔ فارسٹری پلاننگ اور مانیٹرنگ سرکل نے اس بابت 27 عدد جامع مانیٹرنگ رپورٹیں مرتب کی ہیں، ان رپورٹوں کے نتائج پر مبنی سمری برائے عملدرآمد بذریعہ کیبنٹ مورخہ 06-11-2024 کو منظور ہو چکی ہے۔ (تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی)۔

کوہستان مالیاتی سکینڈل

جناب سپیکر: جی سجاداللہ خان۔

جناب سجاداللہ خان: تھینک یو سر، بڑی مہربانی سر۔ جناب سپیکر، میں آج اس معزز ایوان کے سامنے بہت دل گرفتگی اور کرب کے ساتھ چند حقائق پیش کرنا چاہتا ہوں جو صرف کوہستان ہی نہیں بلکہ پورے خیبر پختونخوا کے مالیاتی نظام پر ایک سنگین سوالیہ نشان ہیں۔ یہ کوئی فلمی کہانی نہیں، یہ ہماری ریاست کی ترقیاتی فنڈز کی بربادی اور کرپشن کی بڑھتی ہوئی رجحان کی اصل تصویر ہے۔ جعلی کنسٹرکشن کمپنیاں، بوگس بل، فرضی ٹھیکدار، جعلی سیکیورٹی ریفنڈز اور ہزار سے زائد جعلی چیکس یہ سب کچھ کوہستان کے سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ اور ضلع اکاؤنٹ آفس کی منظوری سے ہوتا رہا۔ جناب سپیکر، کوہستان کا سالانہ ترقیاتی بجٹ صرف پچاس کروڑ سے ڈیڑھ ارب ہوتا ہے لیکن پچھلے پانچ سالوں میں چالیس ارب روپے نکال لئے گئے، یہ پچاس سال کے بجٹ سے بھی زیادہ ہیں، اس میں صرف مقامی نہیں بلکہ صوبائی سطح کے بااثر لوگ، سرکاری افسران اور کمرشل بینکوں کے اہلکار بھی ملوث پائے گئے، اکاؤنٹنٹ جنرل آفس، ڈی جی (آڈٹ) اور دیگر نگرانی کے ادارے سب خاموش تماشائی بنتے رہے سر۔ جناب سپیکر، ان پیسوں سے بڑی بڑی جائیدادیں خریدی گئیں اور بڑے پیمانے پر منی لانڈرنگ ہوئی، بااثر عناصر نے اپنی لاکھوں کی جائیدادیں کروڑں میں بیچیں۔ ان تمام جائیدادوں کی خرید وفروخت کی مکمل تفصیلات سامنے لائی جائیں اور جناب سپیکر، آپ کے اس ایوان سے یہ التجاء ہے کہ اس سکینڈل کے تمام کرداروں کو بے نقاب کیا جائے، انہیں منطقی انجام تک پہنچایا جائے اور ایسی عبرت ناک سزا دی جائے کہ آئندہ ایسے گھناؤنے فعل کا کوئی تصور بھی کرے تو اس کی روح تک کانپ اٹھے۔

جناب سپیکر! جب ہم کوہستان جیسے اضلاع میں ہونے والی کرپشن پر بات کرتے ہیں تو ہمیں صرف رقوم کی خرد برد نہیں بلکہ اس کی وجوہات اور اس کے پس منظر پر بھی نظر ڈالنا ہوگی۔ کوہستان کے نوجوانوں کے پاس نہ تعلیم کے مواقع، نہ شعور، نہ وسائل، یہی وہ خلا ہے جس سے فائدہ اٹھا کر کرپٹ عناصر نے ان کے نام، شناخت حتیٰ کہ اکاؤنٹس تک استعمال کر ڈالے۔ سر، میں روز اول سے کوہستان میں اعلیٰ تعلیم اور معیاری تعلیم کی کمی کی نشاندہی کرتا آرہا ہوں کیونکہ تعلیم صرف ترقی کا ذریعہ نہیں بلکہ کرپشن کے خلاف

سب سے مضبوط ہتھیار ہے۔ جناب سپیکر، آج بھی کوہستان میں بنیادی ادارے، دفاتر اور انتظامی ڈھانچے یا تو موجود نہیں یا محض کاغذوں کی حد تک قائم ہیں، برائے نام اضلاع بنانے سے ترقی نہیں ہوتی جب تک وہاں وسائل، انسانی سرمایہ اور نگرانی کا نظام موجود نہ ہو، یہی کمزوری کرپٹ عناصر کے لئے کھلی چھوٹ بن جاتی ہے۔ سر، کیا یہ شرمناک حقیقت نہیں کہ ترقیاتی بجٹ کے بغیر بھی اربوں روپے نکالے جارہے ہیں اور کسی سے پوچھا تک نہیں؟ جب نگرانی نہ ہو، جب جواب دہی کا نظام نہ ہو، جب نوجوانوں کو شعور نہ ہو تو یہی ہوتا ہے کہ ڈمپر ڈرائیور کے اکاؤنٹ میں اربوں آجاتے ہیں اور اصل منصوبے خواب ہی رہ جاتے ہیں۔ جناب سپیکر، یہ سکینڈل صرف مالی بدعنوانی نہیں، یہ نظام کی ناکامی، سماجی ناہمواری، تعلیمی پسماندگی اور ادارہ جاتی بوسیدگی کی ایک تصویر ہے۔ اگر ہم کوہستان جیسے علاقوں میں تعلیم، روزگار، شفاف نظام اور بااختیار مقامی حکومتیں فراہم کرتے تو آج یہ حالات مختلف ہوتے سر، لہذا میری التجاء ہے کہ اگلے ماہ پیش ہونے والے بجٹ میں Special initiative لے کر کوہستان میں یونیورسٹی اور ٹیکنکل ادارے قیام کئے جائیں، ہر تحصیل میں مکمل دفاتر اور شفاف نگرانی کا نظام قائم ہو، کوہستان کے نظام پر لوٹی گئی رقم کوہستان کے نوجوانوں پر وہاں کی ترقی پر خرچ کی جائے سر۔ جناب سپیکر، یہ پہلا سکینڈل نہیں، اس صوبے نے کئی بڑے میگا سکینڈلز دیکھے، دن کی روشنی میں ڈالے گئے ڈاکوں کا حساب آج تک نہ ہوا اور نہ ہی کبھی آزاد و شفاف تحقیقات ہو سکیں لیکن اس بار ہمیں گزشتہ حکومتوں پر پردہ ڈالنے کی بجائے سر، سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر حقائق کو سامنے لانا ہوگا اور کرپٹ عناصر سے اس نظام کو صاف کرنا ہوگا۔ جناب سپیکر، ہم آپ کے بے حد مشکور ہیں بحیثیت کوہستانی کہ ہم اس وقت جس کرب سے گزر رہے ہیں، ہمارے اوپر جو الزامات لگائے ہیں، ہم سب آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں اور ایوان کی طرف دیکھ رہے ہیں، جب تک ان لوگوں کو لٹکایا نہ جائے، ہم آپ کی طرف دیکھیں گے اور اگر نہ لٹکایا گیا تو ہم روڈ کو بھی نکلیں گے۔ ہم تینوں کوہستان کے عوام اس نیب کی انکوائری کا انتظار کر رہے ہیں، نہ ہوا تو سر، پورے کوہستان کے عوام میرے ساتھ رابطے میں ہیں، ہم روڈ پہ نکلیں گے اور جس طریقے سے کوہستان کو بدنام کیا گیا سر، میں آپ سے اور اس ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ لوگ ہمارے شانہ بشانہ کھڑے رہیں اور ان کرپٹ عناصر جن لوگوں نے یہ کرپشن کی ہے، ان کو الٹا لٹکائیں سر، شکریہ سر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: وزیر محترم، وزیر قانون۔

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): سر۔

جناب سپیکر: سجاد اللہ خان نے بڑے دردناک چند حقائق اس ایوان کے سامنے رکھے ہیں، آپ نے بھی اس میں سے کچھ سنے یا نہیں؟۔۔۔۔

وزیر قانون: سر۔

جناب سپیکر: یہ ابھی انہوں نے باتیں کی ہیں۔

وزیر قانون: بالکل سر۔

جناب سپیکر: نہیں، جواب نہ دیں ابھی، میں آپ کو، آپ کے علم میں مالیاتی سکینڈل سامنے آیا چھتیس ارب روپے کا ایک ڈسٹرکٹ میں، ڈسٹرکٹ کوہستان میں، اپر کوہستان میں آپ کا جو اکاؤنٹ ہے جس میں Earnest money ہوتی ہے اور باقی یہ ہوتے ہیں، اس میں سے چھتیس ارب روپے نکال لیے اور کس نے نکال لیے؟ آپ کے محکموں کے لوگوں نے، اکاؤنٹنٹ جنرل آفس، فنانس ڈیپارٹمنٹ اور سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ، ان تین ڈیپارٹمنٹس کے ملاپ سے ایک ضلع میں چھتیس کروڑ روپے ڈائریکٹ گئے، چھتیس ارب، چھتیس ارب روپے، نیب اس میں اپنی انکوائری کر رہا ہے، نیب تو آپ کو پتہ ہے Plea bargain کرلے گا، اس کا تو نام ہو جائے گا کہ کتنے پیسے وہ Recover کرتا ہے، یہ اس صوبے کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ ایک فکر ہے، ایک المیہ ہے، یہ ایک ضلع کی بات ہو رہی ہے، ابھی باقی ضلعوں کا نمبر آنے والا ہے، لوئر کوہستان، کولائی پالس، شانگلہ، تور غر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مرجڈ ڈسٹرکٹس، یہ جب Investigate ہوگا تو آگے پتہ چلے گا کہ کہانی کہاں تک پھیلی ہوئی ہے؟ یہ تقریباً دو سو (200) ارب روپے سے زائد کی بات ہے اور جس میں یہ میرا خیال ہے پہلا سکینڈل آیا ہے، جس میں آگے کوئی سیاسی کارندہ موجود نہیں ہے، کسی Electable کو اس میں نشانہ نہیں، خالصتاً اداراتی کھیل ہے اداروں کا، ہم اس کو Investigate کر رہے ہیں۔ سجاد اللہ خان! پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے اس پہ آج بھی سپیشل اجلاس کیا ہے اور ہم وہ تمام اختیارات جو آئین اس ایوان کے ذریعے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو دیتا ہے، وہ ان شاء اللہ تعالیٰ Exercise ہوں گے، جس جس لیول پہ ہمیں چیز چاہیئے ہوگی، آپ یہ یقین رکھیں، نیب تو

ایک حد تک اپنا مخصوص کام کرے گا، ہم ان ڈیپارٹمنٹس کا بھی ڈیٹیلڈ آڈٹ بھی کرائیں گے، سپیشل آڈٹ بھی کرائیں گے، ان کی انویسٹی گیشن بھی کرائیں گے، تو Rest assure ان شاء اللہ تعالیٰ اس پہ ہم کام کریں گے۔ باقی 14 مئی کو ہم نے اس کی دوبارہ میٹنگ بھی رکھی ہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کو مزید چیزیں دیکھنے میں، ہم اس میں پریس کو بھی، پریس گیلری کو بھی میں نے Allow کیا اور آئندہ ہم کوشش کریں گے کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا جو اجلاس ہوا کرے، وہ Live جایا کرے تاکہ لوگ دیکھ سکیں۔(تالیاں) تو اس میں وہ تو منسٹر صاحب! آپ اس میں کوئی Comment کرنا چاہتے ہوں، یہ دیکھیں یہ بڑی Alarming بات ہے، ایک اکاؤنٹ سے چالیس ارب روپے جس ضلع کو آپ دیتے ہی دس کروڑ نہیں ہیں، اس میں چالیس ارب روپیہ نکال کر لے جائیں یا چھتیس ارب روپے نکال کر لے جائیں اور ڈیپارٹمنٹس آپ کے کہیں کہ ہمیں تو پتہ ہی کچھ نہیں ہے جی، یہ بہت Alarming ہے، یہ Review کرنے کی ضرورت ہے۔

<u>وزیر قانون</u>: سر، میں خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں جناب سجاد اللہ صاحب کو کہ انہوں نے بہت ہی سیریس یہ ایشو جو ہے وہ Raise کیا، چونکہ Concerned Minister یہاں پہ موجود نہیں ہیں، سہیل آفریدی صاحب، تو اس کی ٹوٹل ڈیٹیل جو ہے وہ ابھی آنی ہے، اس کی انکوئری ہو رہی ہے، انویسٹی گیشن بھی ہو رہی ہے، یہ بھی Confirmed نہیں ہے کہ یہ کس Tenure میں یہ پیسہ اکاؤنٹ سے نکالا جا چکا ہے؟ لیکن اتنا وہ ضرور معلوم ہے کہ وہ اکاؤنٹ جو ہے وہ Specialized ہوتا ہے، ہمارے جتنے بھی Development works ہوتے ہیں، ان کی سیکیورٹی اس میں رکھی جاتی ہے، تو Earnest money, security money جو کہ بعد میں کنٹریکٹر کو Work done کے اوپر ایک Stipulated period کے بعد ان کو ادا کی جاتی ہے، تو میرے خیال میں اس کے اوپر ابھی انویسٹی گیشن ہو رہی ہے، ہمارے فنانس کے پارٹ پہ بھی، آج بھی آپ نے جو ہیڈ کیا پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو، تو اس میں بھی آپ نے اس کی ڈائریکشن دے دی کہ اس کیا نویسٹی گیشن کی جائے، ڈیٹیلڈ، تو میں Appreciate کرتا ہوں، ان شاء اللہ ہم تو Believe کرتے ہیں Transparency پہ اور میں اپنے آنے والے جو ہمارے سپیکر ہیں، جناب شیر علی صاحب، ان کو بھی ویلکم کرتا ہوں اس ہاؤس میں جی، مبارک ہو جی آپ کو۔ Thank you so much, ji.

(اس مرحلہ پر جناب مسند نشین، شیر علی مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

اراکین کی رخصت

جناب مسند نشین: Thank you so much. ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کے لئے درخواستیں ارسال کی ہیں: جناب احسان اللہ خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ سید فخر جہان صاحب، صوبائی وزیر، آج کے لئے؛ جناب ہشام انعام اللہ صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ محترمہ شہلا بانو صاحبہ، ایم پی اے، دویوم؛ جناب جلال خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب علی شاہ صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب طارق محمود آریانی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ ملک طارق اعوان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب محمد ظاہر شاہ صاحب، صوبائی وزیر، آج کے لئے؛ محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب مرتضیٰ خان ترکئی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The leave is granted.

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Chairman: Item No. 7, ‘Call Attentions’: Mr. Asif Khan, MPA, to please move hiscall attention notice No. 307, in the House. Mr. Asif, MPA, please.

Mr. Asif Khan: شکریہ جناب سپیکر۔ I would like to draw the attention of Minister for Elementary & Secondary Education towards the affairs of the Education Department that in South Waziristan (Upper) during current SSC exams the students were sitting on the floor for the examination. Education & Health are the main focus of this present government then what may be the reason that merged areas are treated as if we belong to some alien planet. I also request the House to draw comparison between the funds spend on other districts like Mardan, Swabi, Nowshera and Peshawar in the last five years. Merged area shall also have the right in the funds meant for the whole province in Education Department at least. Thank you.

جناب مسند نشین: جناب فیصل ترکئی صاحب۔

جناب فیصل خان (وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم): تھینک یو، سپیکر صاحب۔ بالکل، میری ایم پی اے صاحب کے ساتھ اس کے اوپر ڈسکشن بھی ہوئی ہے سپیکر چیمبر کے اندر، جیسا کہ آپ کو پتہ ہے کہ 9th اور 10th کے Exams الحمدللہ Conduct ہو گئے ہیں، بہت زبردست جو Takeaway تھا، جو ہم نے Steps لیے ہیں، Ensure کیا Transparency کو، میرٹ کو، بہترین ہمارے Exams ہو گئے ہیں۔ اب جو سیکنڈ ہمارا Exam آرہا ہے Inter کا، HSSC کا، تو اس کے لئے بھی ہم نے Preparation کی ہے۔ صبح میں نے اپنے تمام بورڈز کے چیئرمین کے ساتھ میٹنگ کی ہے۔ جو میرے Honorable brother MPA Sahib نے جو ایشو انہوں نے Raise کیا ہے، اس کے اوپر میں نے رپورٹ مانگ لی ہے جی، اور اگر ایم پی اے صاحب کے ساتھ کوئی سپیشل ہال کی لوکیشن ہو اور مجھے وہ مل گیا تو I can pin it down and check it میں نے اپنی ٹیم کو ٹاسک دے دیا ہے، یہ Unfortunate ہے کہ اگر کرسی نہیں ہے اور ساؤتھ وزیرستان میں باقی ہال کے اندر ہوں گی، باقی سکول کے اندر ہوں گی تو Minor سی ایڈجسٹمنٹ چاہیئے تھی جو کہ Unfortunately انہوں نے کیا نہیں، I am taking a look into this اور میں نے اپنی ٹیم کو اس کے اوپر ایک Proper میں نے رپورٹ مانگی ہے، وہ مجھے Proper report submit کریں گے اور بھی میں آپ کو Present بھی کر دوں گا اور انسٹرکشن بھی دے دی، اب یہ تو ہو گیا لیکن جو Coming exam ہے، ابھی دو دنوں کے بعد، اس کے اوپر ہم نے میٹنگ بھی چیئر کی ہے، ان شاء اللہ ان سارے بچوں بچیوں کو ہم Accommodate کریں گے۔ میں صرف ایک بات بتا دوں کہ تقریباً 49ہزار 500 بچے بچیاں ساؤتھ وزیرستان میں 9th اور 10th کے Exam کے اندر Appear ہوئے ہیں، Almost five thousand اور جو ابھی HSSC کے Exam کے اندر جو ہمارے Candidates ہیں، لڑکے لڑکیاں، وہ تقریباً 33ہزار 180 ہیں، چونکہ ہم نے یہ Step لیا Haphazard اور بڑا شارٹ ہمارے پاس ٹائم تھا کہ ہم ہال کو Merge کریں اور یہ New initiative ہے، ہم نے نقل کی روک تھام کے لئے اور جو ہمارے لئے ایک بدنامی کا باعث، اس کے لئے تو Mistakes ہو گئی ہیں Coming جو Exam دو دنوں کے بعد ان شاء اللہ ہم نے Ensure کرنا ہے کہ اس کے اندر اس طرح کے مسئلے نہ ہوں۔ میں اور میرا ڈیپارٹمنٹ ہم اپنا جو کام ہے وہ ان بچے اور بچیوں سے شروع کرتے ہیں، وہ Focus of attention ہے، سارا کام، ساری محنت ہم ان بچوں بچیوں کے لئے کرتے ہیں اور مرجڈ اضلاع کے لئے، مرجڈ ڈسٹرکٹس کے لئے میری سارے پارلیمنٹیرینز کے ساتھ

بھی بڑی Closed coordination ہوتی ہے، ڈسکشن ہوتی ہے اور فوکس ہوتا ہے، میرا خود

If you کیونکہ Personally, I keep a closed eye on the merged districts compare it with the settled districts, everything is fine in the settled districts, but I have full support and full focus on the merged districts. اگر کوئی سپیشل ہال ہو تو ایم پی اے پلیز مجھے اس کا نام آپ WhatsApp کر لیجئے گا، میں اس کو Lock کر لوں گا۔ میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور باقی بھی پارلیمنٹیرینز کا I am thankful to you کیونکہ It`s big department ہم سے بھی کوئی چیز Miss ہو سکتی ہے، I am thankful to you that you are pointing out things to us. میں اسکی وہ آپ کو دے دوں گا جو ڈیٹیلز ہوں گی۔ دوسرا جو آپ کے کوسچن کا جو Second half تھا، Should I say that as well second half of your question جو کہ فنڈز کی ایلوکیشن کے بارے میں ہے، میں تو آپ کو پتہ ہے کہ Settled districts کی ایک اے ڈی پی اور سکیم کے اور پیسے آ رہے ہوتے ہیں اور پھر مرجڈ کے اندر Different ہوتے ہیں، تو مرجڈ میں ہمارے پاس اضلاع کم ہیں، پیسے ہمارے ساتھ زیادہ ہیں الحمدللہ، جو آپ کو پچھلے Thirteen fourteen months میں ہم نے فنڈز دیئے ہیں، اس کی ڈیٹیل میں آپ کو Provide کر دیتا ہوں، 8040 ملین کے قریب ہماری ایلوکیشن ہے اپر ساؤتھ وزیرستان کیلئے، جس کے اندر 3071 ملین ہم نے ریلیز کر لئے ہیں، یہ ٹوٹل جو Salary / Non salary اور ڈیویلپمنٹ میں آپ کو ٹوٹل بتا رہا ہوں، 8040 ملین آپ کی ایلوکیشن ہے، 7031 آپ کی ہم نے ریلیز کر دی ہے، Developmental sites کے اوپر ہماری 709 ملین کی ایلوکیشن ہے جس کے اندر 648 ملین Already release ہو گئے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی اگر ایم پی اے صاحب کی Specific کوئی سکیم ہو یا کوئی کام ہو تو آصف کے ساتھ Closed coordination ہوتی ہے، I am always a shout away۔

جناب مسند نشین: جی آصف صاحب۔

جناب آصف خان: Ji, thank you very much, honorable Minister Sahib انہوں نے بڑا تفصیلی جواب دیا، میں آپ سے یہ Expect کرتا ہوں سر، جو میرا اسکینڈ پارٹ تھا کال اٹنشن کا، اس میں ہم صرف اس لئے Comparison draw کرنا چاہ رہے ہیں سر، ہمیشہ یہ ٹرائبل ایریا ہی کیوں Suffer کرتا ہے؟ ٹرائبل ایریاز کے بارے میں ابھی انہوں نے مجھے کہا ہے کہ 709 ملین

Allocate ہوئے ہیں ڈیویلپمنٹ کے لئے، اور 648 ملین خرچ ہو گئے ہیں ڈیویلپمنٹ کے لئے، So مجھے کوئی اس کی انفارمیشن نہیں ہے، انہوں نے بالکل ریلیز کئے ہوں گے، وہاں پہ دیکھیں سر، Even ہمارے ان اضلاع میں اتنا مشکل ہوتا ہے Transparency کو Maintain کرنا یا اس کو چلانا، اور پھر ٹرائبل ایریاز میں تو بالکل برا حال ہے، پھر اوپر سے آپریشنز بتدریج ہو رہے ہیں وہاں پہ، Elite کی ادھر Involvement ہے، وہاں پہ آپ کو پتہ ہے Daily کوئی نہ کوئی مسئلہ ہوا ہوتا ہے، تو اس لحاظ سے میں کہتا ہوں کہ ہمیں اس چیز کو ایک Special attention دینا پڑے گی In terms of کہ آپ ہمیں بلائیں، ہمارے ڈی ای اوز کو بلائیں، میل / فیمیل دونوں کو بلائیں، ان سے پتہ کریں، ان کے مسئلے کدھر ہیں؟ جو آپ کے Concerned MPAs ہیں، آپ ان سے بات کریں۔ یہ جو ڈیویلپمنٹ فنڈ کی بات کر رہے ہیں، مجھے نہیں پتہ کہ ڈیویلپمنٹ فنڈ کدھر خرچ ہوا ہے؟ As an MPA of the area, I have no idea کہ پیسے کہاں پہ خرچ ہوئے ہیں، کس کو ملے ہیں، کونسے سکولز اس سے آباد ہوئے ہیں یا کونسی Reconstruction اس کے اوپر ہوئی ہے؟ تو Kindly میں منسٹر صاحب کو یہ ریکویسٹ کروں گا اس ہاؤس کے توسط سے کہ Kindly آپ ان 648 ملین کا پتہ کریں کہ یہ جو ڈیویلپمنٹل فنڈز کی بات کر رہے ہیں، یہ کہاں پہ خرچ ہوئے ہیں، یہ کس مد میں خرچ ہوئے ہیں؟ پرائمری ایجوکیشن میں، سیکنڈری ایجوکیشن میں، یہ کس طرح خرچ ہوئے ہیں؟ تو Kindly اگر یہ ہمیں بتا پائیں گے تو اس کے مطابق ہم ان پیسوں کا پتہ کر کے کہیں گے، پتہ کریں گے کہ وہ صحیح جگہ پہ لگے کہ نہیں؟ تھینک یو، سر۔

جناب مسند نشین: جی جناب فیصل ترکئی صاحب۔

(عصر کی اذان)

جناب مسند نشین: جی۔

وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم: بالکل ایم پی اے صاحب، آپ کا سوال Valid ہے، میں آپ کے ساتھ بیٹھ جاؤں گا، آپ آئیں، میرے آفس آئیں، آپ کو پتہ ہے میں کس طرح سے کام کرتا ہوں، کیا میرا Vision ہے، کس طرح اپنے ڈیپارٹمنٹ کو Drive کرتا ہوں، You know that I work hundred percent on merit ٹرانسپرنسی کو اور Cristal clear کام کرتے ہیں، Kindly آپ میرے آفس کل پرسوں اگر آپ کے پاس ٹائم ہو، آپ آجائیں Fifteen, twenty, thirty minutes کے لئے، آپ کے ساتھ میں اپنے پلاننگ والوں کے ساتھ آپ کو بٹھا دوں گا، میں خود بھی بیٹھ جاؤں گا، اس کو بھی

دیکھ لیں گے اور آپ کو ہم بتادیں گے کہ Coming ADP کے اندر کیا کر رہے ہیں اور یہ جو ایلو کیشنز آرہی ہیں، ریلیزز آرہی ہیں، ان کے اندر جو آپ کو سپورٹ چاہیئے، We are available۔

Mr. Chairman:Mr. Shafi Ullah Jan, MPA, to please move his call attention notice 309, in the House. Mr. Shafiullah Jan.

جناب شفیع اللہ جان: تھینک یو، چیئر مین صاحب۔ میں وزیر برائے محکمہ بلدیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ضلع کوہاٹ میں صفائی کی ابتر صورتحال کی وجہ سے صحت کے مسائل درپیش ہیں اور متعلقہ ملازمین اپنی ڈیوٹی پہ حاضری نہیں دے رہے۔ اس کے ساتھ ہی چیف ایگزیکٹو آفیسر WSSC کوہاٹ کی تعیناتی بھی نہیں کی گئی، ابھی تک WSSC کوہاٹ حکومتی گرانٹ پر چل رہی ہے اور تاحال کوئی ریونیو پیدا کرنے کی سکت نہیں کی جس سے عوام میں سخت تشویش پائی جاتی ہے۔ چیئرمین صاحب! I want to add something چیئرمین صاحب، یہ 2017 میں WSSC کا قیام ہوا تھا، 2017 سے لے کر 2025 تک آٹھ سال آج تقریباً ہوگئے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے WSSC کو جب کھڑا کیا گیا تھا تو یہ ایک Initiative لیا گیا تھا، ہماری گورنمنٹ نے لیا تھا 2017 میں، اور ہاں یہ کہ چیز بتائی گئی تھی کہ جو WSSC جیسی کمپنیاں ہوں گی تو اس کی پرفارمنس TMA سے بہتر ہوگی کیونکہ پہلے یہ جتنی سروسز ہیں Water sanitation ہے، Water supply ہے، Sanitation ہے، صفائی ہے، یہ پہلے TMA کرتی تھی، جب TMA کرتی تھی تو اس کے ساتھ WSSC کی کمپنیوں کو Introduce کرایا گیا اس صوبے میں پشاور میں، کوہاٹ میں، ہری پور میں، I think بنوں میں، لیکن کوئی بھی WSSC up to mark نہیں ہوئی، آپ کے پشاور کے مسائل آپ کے سامنے ہیں۔ اس طرح بنوں میں، ہری پور میں، اور خاص کر اگر میں کوہاٹ کی بات کروں اور چیئرمین صاحب، آپ کو میں یہاں پہ اور Interesting چیز بتاؤں، ایک سال ہماری گورنمنٹ کو ہوگیا ہے، جس دن میں نے Oath لیا، جب میں نے ان سے پہلی میٹنگ کی، اس ٹائم WSSC کے سی ای او عارف رؤف صاحب تھے، ان کو یہ نہیں پتہ چیئرمین صاحب، کہ ہمارے ملازمین کتنے ہیں؟ جب کسی ادارے میں آپ جب اس ٹائپ کے ادارے میں جاتے ہیں تو ساری چیزیں Finger tips پہ ہوتی ہیں یا Just one click پہ ہوتی ہیں، ان سے جب میری پہلی ملاقات ہوئی تو یہ مجھے کہہ رہے تھے کہ ہمارے ملازمین 572 ہیں، جب میں نے اس سے Bank slips منگوائے تو اس کے فگرز میں اور ان کے فگرز میں بڑا فرق تھا، پھر مجھے 584 بتائے گئے، پھر مجھے 592 بتائے گئے، پھر آکر کہانی 603 پہ ٹھہری، جب میں نے ان سے کہا کہ آپ مجھے

دیں، Payroll دیں کہ آپ Monthly کتنے لوگوں کو تنخواہ دیتے ہیں؟ تو ان میں سے Bank slips 619 لوگ ہیں۔ اب میں نے جو پیپرز ان سے سائن کروائے ہیں، ان کے ایڈمن سے، فنانس سے، آئی ٹی سے، جو ان کے چھ ڈیپارٹمنٹس ہیں، ان میں اور Payslips میں فرق ہے، اب وزیر صاحب بھی یہاں موجود ہیں، Respective وزیر صاحب، میری ان سے بھی بات ہوئی اس بارے میں، اس وقت WSSC کا سی ای او بھی کوہاٹ میں موجود نہیں ہے، وہ کورٹ میں ایک الگ کیس چل رہا ہے تو یہ وہ سارے مسائل تھے اور اگر آپ بجٹ دیکھ لیں تو پچھلے سال انہوں نے 42 کروڑ روپے لگائے ہیں اور اس سے پچھلے سال ان کا بجٹ تھا 44 کروڑ، اس ٹائم یہ 42 کروڑ پہ پہنچ چکا ہے اور دو مہینے ابھی رہتے ہیں، ابھی آگے ان کی ایک اور گرانٹ بھی آنی ہے، آگے عید الاضحیٰ کی صفائی بھی آنی ہے، تو یہ وہ سارے مسائل ہیں جو WSSC اس وقت کوہاٹ شہر میں انہوں نے Create کئے ہوئے ہیں، پرفارمنس ان کی Zero ہے، اگر ان کے تین ٹیوب ویلز میرے شہر کے خراب ہو جائیں تو ان کے پاس اتنی Capacity نہیں ہے کہ ان کو Replace کریں اور وہاں پہ نئی مشین ڈالیں، کوہاٹ جیسا شہر جو کہ ہیڈکوارٹر ہے، وہاں WSSC کی پوزیشن یہ ہے کہ تین ٹیوب ویلز ایک دن خراب ہوتے ہیں تو ان کے پاس سکت ہی نہیں ہے کہ ان کی مشین کو Replace کریں، ان کے پاس جو الیکٹریسٹی کے بلز ہیں وہ کروڑوں میں چلے گئے ہیں، پچھلے ہفتے تین ہمارے ٹیوب ویلز سے واپڈا والوں نے Links اور ٹرانسفارمر زاتار دیئے کہ جی آپ نے بلز جمع نہیں کئے، تو یہ ہم کس طرف جا رہے ہیں، یہ ہم نے جو کمپنیاں بنائی تھیں، ہم نے جو WSSC type کی کمپنیاں بنائی تھیں، ایک Parallel company کھڑی کی تھی TMA کے مقابلے میں، تو ہم کس طرف جا رہے ہیں، اب ہمیں یہ محسوس ہو رہا ہے کہ TMA شاید بہتر Perform کر رہی تھی ان سے، تو یہ وہ سارے ایشوز ہیں جو میں اپنے اس ایوان کی توجہ اور خاص کر منسٹر صاحب کی توجہ اس جانب کرانا چاہتا ہوں کہ اس پہ منسٹر صاحب ہمیں جواب بھی دیں اور آگے کا لائحہ عمل بھی دیں۔

جناب مسند نشین: جناب وزیر بلدیات، ارشد ایوب صاحب۔

جناب ارشد ایوب خان (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): شکریہ، جناب سپیکر ہی کہوں آپ کو یا چیئرمین؟

جناب مسند نشین: جو بھی کہیں سر۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: سپیکر صاحب، شکریہ جی، میں اپنے آنریبل کولیگز کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں، یہ بڑا ضروری ہے کہ اگر ہمارے اداروں میں، ہمارے اداروں میں اگر کوئی خامیاں ہیں تو یہ فورم جو اسمبلی

ہے ہماری، اسی لئے بنی ہے کہ اس میں ہم یہ خامیاں Pointout کر سکیں، نشاندہی کر سکیں، وہ بیشک اپوزیشن کے ہمارے آنریبل کے ممبران ہوں یا ہماری اپنی پارٹی جو بھی ٹریژری کی پارٹی ہے، اس کے ممبران ہوں۔انہوں نے ذکر کیا، 2017 میں بنا ہے WSSC Kohat ابھی ایک بڑا، بڑا اچھا یہ Concept تھا، یہ پرائیویٹ کمپنی ہے، 2017 میں ہماری پی ٹی آئی حکومت میں ہی بنی ہے، پنجاب میں ہے، سندھ میں بھی ہے، غالباً یہ Water Supply and Sanitation Company اس کا مقصد یہ تھا کہ TMAs ہماری سرکار چلا رہی ہے، اس کی پرفارمنس اچھی نہیں ہے تو پرائیویٹ کمپنی کو Outsource کیا جائے، یہ Sanitation, cleanness, water supply services اور یہ برا آئیڈیا نہیں ہے، پوری دنیا میں، آپ سعودی عرب چلے جاؤ، امارات چلے جاؤ، روانڈا چلے جاؤ، یہ تمام سروسز Outsource ہوئی ہیں، تو WSSC اسی Concept میں اس دور میں یہ 2017 میں بنی۔ ابھی پرفارمنس کے انہوں نے سوالات کئے ہیں کہ Perform نہیں کر رہی، اپنے خرچے برداشت نہیں کر سکتی، ٹیوب ویلز خراب ہوتے ہیں، وہ ٹھیک نہیں کرا سکتے، وہ کس طرح کریں، ہم جب تک کوئی Self sustainability کی طرف نہیں جائیں گے، میں آپ کو Example دیتا ہوں، آپ کوہاٹ کی اگر ورکنگ کر لو فنانشل تھوڑی سی، کہ ان کو کیا خرچہ Per house hold پڑ رہا ہے، مجھ سے ادھر لکھوا لیں، وہ دو ہزار بائیس سو روپے ہو گا Per house hold، اور WSSC کتنا چارج کر رہی ہے، چار سو روپے، چار سو، چار سو، جدھر خرچہ اس کو بائیس سو پڑ رہا ہے، دو ہزار پڑ رہا ہے اور وہ House hold سے چار سو چارج کر رہی ہے تو اس میں تو وہ ایک Viable unit بن ہی نہیں سکتی، تو ہمیں Self sustainability کی طرف جانا پڑے گا۔ اس میں پولیٹیکل ایشوز بھی ہیں، Public representative کی طرف سے بھی ہیں، عوام کی طرف سے بھی ہیں اور عوام کی ایک عادت بھی بنی ہوئی تھی TMAs کے دور سے کہ یہ Subsidized services ہیں، حکومت کو دینی چاہیئے مگر میں ممبر صاحب کو بھی اور یہ تمام اپنے بھائیوں کو بھی انفارم کرنا چاہتا ہوں، میں یہ نہیں کہتا کہ دو ہزار، بائیس سو چارج کرو، ہمیں ایک لیول کرنا پڑے گا، وہ Fifty percent ہمیں کوئی نہ کوئی اپنی Sustainability achieve کرنا پڑے گی، اس کے بعد یہ ادارے سارے چلیں گے۔ ابھی ایک تو یہ بات ہو گئی، دوسری بات انہوں نے سی ای او کی کی، یہ پرائیویٹ کمپنیز، SECP (Security and Exchange Commission of Pakistan) میں رجسٹرڈ ہیں، اس کے تحت ان کے سی ای اوز ہوتے تھے،

